● — فرقہ پرستی اور حکومت پرستی کے راستوں کی بجائے سیکولر اور جمہوری اپوزیشن کے راستہ کو اپنانے میں ہی جمُوں کی نجات ہے۔

● — مکمل اور محدود الحاق کے جذباتی مگر کھوکھلے نعروں کی بجائے جموں کی اٹانومی کا نعرہ ہی جموں کے مسائل کو حل کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

---

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

# جمّوں کی بے چینی

جمّوں نے اپنی بے چینی کا اظہار کئی بار اور کئی طریقوں سے کیا ہے۔ مگر یہ بے چینی کم ہوتی نظر نہیں آتی۔ جموں کی آواز میں اثر کیوں نہیں؟ بے چینی کی اصل وجہ کیا ہے؟ کیا "مکمل الحاق" کے نعروں سے یا ملازمتوں میں جموں کا حصّہ بڑھ جانے سے جموں کا مسئلہ حل ہو جائے گا؟

مَیں اُن لوگوں میں سے نہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ جموں کے مسئلہ کی بات کرنا صُوبہ پرستی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ ہم میں سے کچھ لوگ صُوبہ پرستی کے طریقہ سے سوچتے ہوں۔ مگر اس طریقہ سے مسئلہ کی پیچیدگیوں میں اضافہ ہونے کے علاوہ باقی مُلک کے لئے مشکلات پیدا ہوتی ہیں۔ یہ نہ صرف ممکن ہے بلکہ ضروری بھی کہ مسئلہ پر تنگ نظری اور تعصب کے بغیر سوچ وچار کیا جائے۔ اگر لسانی اور صُوبائی مسائل پر با وقت اور غیر جانبدارانہ نظریہ سے دھیان دیا گیا ہوتا تو آج مُلک بھر میں اس وجہ سے اتنی کشیدگی نہ ہوتی۔

جموں جیسا مسئلہ محض ہماری ریاست میں ہی نہیں، ہندوستان کی بہت سی ریاستوں میں نمودار ہو رہا ہے۔ بُنیادی طور پر آسام میں کچھار کا مسئلہ بمبئی میں ودربھ کا مسئلہ، آندھرا میں تلنگانہ کا مسئلہ اور پنجاب میں ہریانہ کا مسئلہ جمّوں کے مسئلہ سے زیادہ مختلف نہیں۔ البتہ ریاست کے دو خطوں کے درمیان زبان اور مذہب کا فرق زیادہ شدید ہے۔ اس کے علاوہ جموں کی بے چینی اور غصہ کا ردِ عمل کشمیر پر پڑتا ہے جہاں لوگوں کی وفاداریوں کو دُوسری طرف کھینچنے کی کوششیں لگاتار جاری رہتی ہیں۔ مسئلہ جموں کا جو غیر ضروری اور ناواجب تعلق مسئلہ الحاق سے جوڑ دیا گیا ہے، اُس سے اس کی پیچیدگیوں میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔ چنانچہ جب

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

شیخ عبداللہ نے ۱۹۵۳ء میں جموں کے جذبات کا مناسب احترام نہ کیا تو ہندوستان کے بارے میں اُن کی وفاداری مشکوک بن گئی اور جموں میں پروٹسٹ کا جھنڈا بلند کرنے والوں کو فرقہ پرست اور غدار کہا گیا۔ کشمیر اور باقی ہندوستان کے درمیان ایک کڑی کے طور پر اپنی ذمہ داریوں کے احساس کی وجہ سے بیچارے جموں نواسی یہ فیصلہ نہیں کر پائے کہ وُہ ایک باوقار اور غیرت مند شہری کے طور پر کس طرح رہیں اور باقی مُلک کے لئے اپنے فرائض کس طرح پُورے کرے۔

درمیانی کڑی کی کمزوریوں کو دُور کرنا جموں کے ہی نہیں، سارے مُلک کے مُفاد میں ہے۔ اگر ہمدردی اور ہوشمندی سے جموں کے مسئلہ کو حل کرنے کی کوشش کی گئی ہوتی اور سُلگتی ہوئی آگ پہ بروقت پانی چھڑکا یا جاتا تو شاید ۹ راگست ۱۹۵۳ء کا دھماکہ نہ ہوتا۔ جموں کی بے چینی نے ہی بڑھتے بڑھتے ایسے حالات پیدا کر دئے تھے جن کا شکار ڈاکٹر شیام پرشاد مُکرجی جیسی شخصیت کو ہونا پڑا۔ اور دُوسری طرف جموں نے کشمیری اور باقی ہندوستان کے لیڈروں کے درمیان ایک ایسی دیوار کھڑی کر دی جو آج تک ٹوٹنے میں نہیں آتی۔ یہ کہنا درُست نظر نہیں آتا کہ ۱۹۵۳ء کے دھماکہ میں سارا بارُود جل گیا اور اُس دن سے جمُوں کی بے چینی کے سارے کارن ختم ہو گئے ۔۔ جموں کی مضبوط کڑی کے بغیر کشمیر کا باقی ہندوستان کے ساتھ رشتہ پکا رہنا آسان نہیں۔ اِس رشتہ کو ۱۹۵۳ء میں اس لئے چوٹ پہنچی تھی کہ ۱۹۵۲ء کے معاہدہ دہلی ۔۔۔ جو شیخ عبداللہ نے ہندوستانی لیڈروں سے کیا تھا ۔۔ کے لئے جموں کا اعتماد حاصل نہیں کیا گیا تھا۔ کشمیری لیڈروں اور حکومتِ ہند کے درمیان موجودہ فیصلے یا مستقبل کا کوئی سمجھوتہ دیرپا نہیں ہو سکے گا اگر جموں کی سُلگتی ہوئی بے چینی اسی طرح جاری رہی۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

# اقتصادی ترقی اور بےچینی

اقتصادی بدحالی جموں کی بے چینی کی بنیادی وجہ نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ اس لحاظ سے مجموعی طور پر جموں کی حالت گذشتہ کسی بھی نظام سے بلا شبہ بہتر ہے۔ بڑی کوں، عمارتوں اور موٹر گاڑیوں کی تیز رفتاری سے بڑھتی ہوئی تعداد اور بنکوں، انشورنس کمپنیوں اور انکم ٹیکس کے اعداد و شمار اس کا لاتردید ثبوت ہیں۔ اگر سوال کشمیر سے مقابلہ کا ہے تو بھی جموں کی ترقی کم نمایاں نہیں۔ خاص کر اس صورت میں جبکہ کشمیر کی ترقی میں سیاحوں کی تعداد میں بے پناہ اضافہ کا بھی ہاتھ ہے۔ جموں کے دو ضلعوں سے اتنا انکم ٹیکس وصول ہوتا ہے جتنا سارے کشمیر سے نہیں ہو پاتا۔ (یہ حقیقت اس امر کے باوجود اہم ہے کہ کشمیر میں انکم ٹیکس سے بچنے کی کافی گنجائش ہے)۔ جنگلات اور ٹرانسپورٹ ریاست کی نئی خوشحالی کا سب سے اہم حصہ ہیں۔ ان میں جموں کا حصہ کشمیر سے کم نہیں۔ جموں کے ٹھیکیداروں اور بیوپاریوں کی اقتصادی حالت بھی مقابلتاً بری نہیں۔ یہ ٹھیک ہے کہ بڑھتی ہوئی قیمتوں، رشوت خوری اور دولت کی مرکوزیت اور غیر مناسب تقسیم نے بڑی حد نئی خوشحالی کو عوام، خصوصاً مقررہ آمدنی والے ایماندار لوگوں کے لئے بے معنی بنا دیا ہے۔ مگر یہ بات کشمیر کے لئے بھی اتنی ہی ٹھیک ہے جتنی جموں کیلئے۔

جہاں تک سرکاری ملازمتوں کا سوال ہے، آبادی کا بہت تھوڑا حصہ ان میں جذب ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سرکاری نوکر، عام طور پر، جموں کے کام آنے کی بجائے، موجودہ حالات میں سرکاری پارٹی کے ہی آلہ کار بنتے ہیں۔ اور جموں کی پریشانی اور بے چینی میں کمی کی بجائے اکثر اضافہ کا باعث بنتے ہیں۔ اس کے علاوہ جہاں تک جموں کے پڑھے لکھے نوجوانوں کا تعلق ہے، بہت سے پنجاب

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

اور دہلی میں ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں جبکہ کشمیر کے نوجوانوں کے لئے، سرکاری امداد کے بغیر، ایسا کرنا آسان نہیں۔

# سیاسی طاقت سے محرومی

جموں کی بے چینی کی بنیادی وجہ نہ یہ ہے کہ اقتصادی میدان میں یہ صوبہ پیچھے رہ گیا ہے اور نہ یہ کہ یہاں پڑھے لکھے بے روزگاروں کی تعداد زیادہ ہے بلکہ یہ احساس کہ اقتصادیات اور ایڈمنسٹریشن کے میدان میں موجودہ حکومت جموں سے امتیازی سلوک کر رہی ہے۔ کیونکہ یہ ممکن ہے کہ امتیازی سلوک کے باوجود کوئی علاقہ ترقی کر سکے۔ امتیازی سلوک کی شکایت ٹھیک ہے یا غلط، یہ اتنا اہم نہیں جتنا یہ حقیقت کہ جموں کے عام لوگوں کو یہ شکایت ہے۔

پچاس روپے کی ایک نوکری پر اگر جموں کی بجائے کشمیر کے کسی آدمی کی تقرری ہوتی ہے تو اس سے جموں کی ترقی میں کوئی رکاوٹ نہیں پڑتی۔ مگر اس سے جموں میں ندامت اور بے بسی کا احساس ضرور پیدا ہو جاتا ہے۔ امتیازی سلوک کی شکایت کا اس کے علاوہ اور کوئی مطلب نہیں کہ جموں کے لوگ اپنے آپ کو اپنی قسمت کا مالک نہیں سمجھتے۔ سیاسی طاقت میں جموں کو پورا حصہ نہ ملنا جموں کا سب سے اہم اور بنیادی مسئلہ ہے۔ سیاسی طاقت حاصل کرنے پر جموں اپنی غربت بھی سہن کر لے گا۔ مگر سیاسی طاقت اور سیاسی آزادی کے بغیر جموں اپنی خوشحالی پر بھی خوش نہیں ہو سکتا۔

معاملہ کی اس نوعیت کا احساس کرتے ہوئے ہی ڈاکٹر شیام پرشاد مکرجی نے کہا تھا کہ جموں کا مسئلہ بنیادی طور پر نفسیاتی مسئلہ ہے۔ ڈوگرہ قوم کی نفسیاتی حالت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ کل تک اس کا ایک فرد

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

ریاست کے سیاہ وسفید کا مکمل مالک تھا اور آج یہ سیاسی طاقت سے اپنے آپ کو محروم محسوس کرتی ہے۔ ڈوگروں کے لئے مہاراجہ کے ڈوگرہ ہونے کی وجہ سے ایک جذباتی تسکین حاصل کرنا غیر مناسب ہو سکتا ہے غیر قدرتی نہیں۔ اگر مہاراجہ کے غیر کشمیری ہونے کی وجہ سے کشمیر کی سیاسی تحریک کو ایک جذباتی طاقت مل گئی تو جموں میں اس کا اُلٹ ردِ عمل ناگزیر تھا۔ کشمیر چھوڑ دو کی تحریک آخرکار محض وادیٔ کشمیر کی آزادی کے لئے تھی، جس میں مہاراجہ کے جموں پر حکومت کرنے کے حق کو تسلیم کیا گیا تھا۔

کشمیری تحریک کے اس کیریکٹر نے، جس کے لئے کشمیر میں چاہے کتنی ہی جوازیت ہو، جموں کے اُن دانشوروں کے لئے بے شمار مشکلات پیدا کر دیں جو مہاراجگی کے خلاف اور جمہوری حقوق کے لئے اپنی جگہ برسر پیکار تھے۔ ڈوگرہ خاندان کی حکمرانی سے جذباتی تسکین حاصل کرنے سے انکار کرنے والے جموں کے جمہوری اور ترقی پسند گروپ نے اپنا یہ فرض سمجھا کہ نئے نظام میں جموں کے عوام کو حصّہ دار بنا کر اُن کے لئے اُسی قسم کی جذباتی تسکین حاصل کی جائے۔ مگر سیاسی اقتدار اُس جماعت کے ہاتھ منتقل ہوا جو اُس وقت تک محض ایک کشمیری جماعت تھی اور جسے جموں میں کوئی قابلِ اعتبار لوگ نظر نہیں آتے تھے۔ یہاں تک کہ اینٹی مہاراجہ گروپ کے ساتھ بھی کشمیری لیڈروں کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکا۔ بلکہ جموں کے جس گروپ نے مہاراجہ کی دستبرداری کی مانگ کی تھی اُسے نیشنل کانفرنس سے نکال دیا گیا۔ کیونکہ مہاراجہ کے خلاف اُن کی جدوجہد کا مقصد کشمیری لیڈروں کو ہی نہیں بلکہ جموں کے عوام کو بھی اُس کی طاقت کا حصّہ دار بنانا تھا۔

ایک وقت ریاست کے پانچ وزیروں میں سے چار کشمیری تھے اور

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

نیشنل کانفرنس، جو اُس وقت ریاست کی لگ بھگ واحد سیاسی جماعت تھی، کے سارے عہدہ دار — صدر، نائب صدر، جنرل سیکرٹری، خزانچی وغیرہ — کشمیری تھے۔ جموں کے معاملات ایک منسٹر کے سپرد تھے جو اُس نے اپنے ایک پرائیویٹ سیکرٹری کے ذمہ کر دئے تھے۔ جسے جموں کا وائسرائے بھی کہا جاتا تھا۔ اس طرح جموں پر کشمیر کی چوتھے درجہ کی لیڈرشپ کے ذریعے حکومت شروع ہوئی اور یہ احساس بڑھتا گیا کہ نئے حکمران محض فرقہ پرست اور رجعت پسند عناصر کو ہی ختم کرنے میں دلچسپی نہیں رکھتے بلکہ وہ جموں کو حصّہ دار بنائے بغیر جموں پر حکومت کرنے کے خواہشمند ہیں۔

۱۹۵۳ء کی حکومتی تبدیلی کے بعد مگر جموں کا اقتدار میں حصہ — حکومت اور تنظیم میں — یقیناً بڑھا ہے۔ جغرافیائی طور پر اس اقتدار کی زیادہ سے زیادہ تقسیم ہوئی ہے۔ جموں کے دُور دراز کونوں کو، کٹھوعہ سے لیکر کشتواڑ تک پارلیمنٹ اور حکومت میں نمائندگی دی گئی ہے۔ گذشتہ چناؤ میں جموں میں نیشنل کانفرنس کی کامیابی کی ایک وجہ یہ بھی تھی۔

مگر سیاسی طاقت کی کوالٹی اور تقسیم کے ڈھنگ نے فوراً عیاں کر دیا کہ نئی پالیسی کا مقصد جموں کو اقتدار میں حصّہ دار بنانے کی بجائے سیاسی طور پر اپاہج بنانا تھا۔ جہاں تک جموں ضلع اور شہر کا تعلق ہے — جو ڈوگرہ کی جان اور جموں کی مزاحمت کا گڑھ تھے اور جو جموں کی سیاسی تنظیم میں اہم حصہ لے سکتے ہیں — کوالٹی اور مقدار کے لحاظ سے اُن کے حصّہ میں کوئی نمایاں اضافہ نہیں ہوا۔ جموں کے مطمئن نہ ہونے کی دُوسری وجہ یہ ہے کہ نئے ڈھانچہ میں اقتدار اور سارے فیصلے اس حد تک ایک ایسے شخص میں مرکوز ہیں کہ طاقت کی تقسیم بناوٹی سی دکھائی دینے لگی اور سرکاری پارٹی کے مقامی لیڈر عوامی نمائندوں کی بجائے اعلےٰ طاقت کے کھلونے سے نظر آنے لگے۔ تیسری وجہ یہ ہوئی کہ سیاسی کارکنوں کی اخلاقی گراوٹ اور موقعہ پرستی

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

نے عوام کا اُن میں اعتماد اور بھی کم کر دیا۔ اِس کے علاوہ جموں کے لوگ اُن بے چینیوں اور پریشانیوں میں شریک تھے جن میں ساری ریاست کے لوگ مبتلا ہیں۔

سب ملا کر جموں کی بے چینی میں کمی ہوئی یا اضافہ ہؤا، مگر اس بارے میں کوئی شک نہیں کہ سیاسی کارکنوں کی اخلاقی کمزوریوں اور وسیع پیمانہ پر اُن کی خرید و فروخت نے جموں میں مزاحمت اور مقابلہ کرنے کی طاقت کم کر دی ہے۔ اس وجہ سے قدرتی طور پر مایوسی اور شکست خوردگی میں اضافہ ہؤا ہے۔

## جموں کی کمزوریاں

موجودہ حالت کے لئے کشمیریوں پر دوش رکھنا حماقت ہے۔ وُہ بے چارے بھی کئی پریشانیوں میں مبتلا ہیں جو جموں سے کم شدید نہیں حکمرانوں سے گلہ کرنا بھی بے سُود ہے۔ کیونکہ بہت کم حکمران اقتدار میں شرکت پسند کرتے ہیں۔ اِس صورت حال میں ہماری اپنی کمزوریوں کو بھی دخل حاصل ہے۔ سب سے پہلے اُنہیں ہی درُست کرنے کی کوشش ہونی چاہیئے۔ یہ کمزوریاں دو قسم کی ہیں۔ کچھ قدرتی اور کچھ ہماری کم عقلی کی وجہ سے۔

کشمیر کی سیاسی اہمیت، زیادہ آبادی، آسان ذرائع آمد و رفت، مذہبی، لسانی اور تمدنی لحاظ سے یک جہتی جموں کو مقابلتاً مشکل پوزیشن میں ڈالتے ہیں جو جغرافیائی، مذہبی، لسانی اور ذات پات کی تفریق میں اُلجھا ہؤا ہے۔ جموں کے حقوق کی مانگ کرنے سے پہلے جموں کو ایک کرنا ضروری ہے۔

جموں نے جن سیاسی اصولوں اور جماعتوں کے سہارے اپنی لڑائی لڑنا چاہی وہ بھی مقابلتاً گھٹیا تھے۔ اگر ۱۹۴۷ء میں ڈوگرہ حکمران سے طاقت چھین کر کشمیری لیڈر جموں کی سیاست پر اثر انداز ہو سکے تو، باقی باتوں کے علاوہ،

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

ایک وجہ یہ بھی تھی کہ وہ سیکولرازم، زرعی اصلاحات وغیرہ اصولوں سے مسلح تھے جہاں تک جموں تے پرجا پریشد کے اصولوں اور تنظیم کا سہارا لیا، اُس کا ریاستی سیاست میں اثر کم ہو گیا۔ پرجا پریشد نے جموں کی آواز کو ہندوستان بھر میں پھیلانے کی ضرور کوشش کی مگر ریاستی سیاست میں اُس آواز کو کمزور کیا۔ بلکہ پریشدی سیاست جموں کو ہندو اور مسلمان اکثریتی حصوں میں تقسیم کر کے اُن کے درمیان دریائے چناب سے بھی زیادہ ناقابلِ عبور رکاوٹ پیدا کرنے کا باعث بنی۔ نتیجتہً جموں کے اکثر مسلمان اپنی ہزار شکایتوں کے باوجود حکومت کا جائز اور ناجائز ساتھ دینے پر مجبور ہو رہے ہیں۔

لیڈرشپ کی کمی جموں کی ایک اور کمزوری ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ پرجا پریشد نے بھارتیہ جن سنگھ کو لیڈر مہیا کر کے جموں کی لیڈرشپ کو آل انڈیا رتبہ دلایا۔ مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ یہ جماعت آل سٹیٹ یا آل جموں لیڈرشپ مہیا نہیں کر سکی۔ جب تک جموں ایسے لیڈر پیدا نہ کر سکے یا جب تک جموں ایسے لیڈروں کی حمایت نہ کرے جو سارے جموں (ہندو اور مسلمان دونوں علاقوں) کو اور ساری ریاست کے لئے قابلِ قبول نہ ہوں، جموں کا موجودہ مرتبہ اُونچا نہیں ہو سکتا اور اس کی آواز ساری ریاست میں مؤثر نہیں ہو سکتی۔

## شکست خوردگی کے دو راستے

اِن کمزوریوں کے کارن، بہت سی قربانیوں کے باوجود، جموں کی جدوجہد کو آج تک خاص کامیابی نہیں مل سکی۔ اِس وجہ سے اپوزیشن کے کارکنوں میں تھکاوٹ اور عوام میں شکست خوردگی کا احساس دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ یہ شکست خوردگی دو روپ اختیار کر رہی ہے۔ ایک موجودہ حکمرانوں کے سامنے

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

ہمفنار ٹالنے کی پالیسی کی شکل ہیں اور دُوسرے آج کی ذِلت کا بدلہ سو سال پُرانے حملوں اور فتوحات میں تلاش کرنے کی پالیسی ہیں۔ ایک راستہ واضح طور پر شکست کا اعتراف ہے تو دُوسرا فرار کا راستہ ہے۔ جموں کی سیاست آج اِن دو راستوں میں بٹتی جا رہی ہے۔ مگر ظاہر ہے کہ دونوں میں موجودہ مسائل کا زمانہ حال میں سامنا کرنے کی سکت نہیں۔ جموں کی غیرت اور حقیقت پسندی کا تقاضا ہے کہ وُہ اب تیسرا راستہ آزمائے، یہ راستہ ہے کشمیر سے دوستی اور برابری کا رشتہ تلاش کرنے کا۔

آج تک جموں کے نام پر کشمیر کو کچلا جاتا رہا ہے اور کشمیر کے نام پر جموں کو اُس کے حق سے محروم کیا جاتا رہا ہے۔ اگر جموں نے حکومتی پالیسیوں کے ردِعمل کے طور پر متعصب صُوبہ پرستی کا راستہ اختیار کیا تو موجودہ حکمرانوں کو، چاہے وُہ کتنے ہی غیر ہر دلعزیز کیوں نہ ہوں، اِس قابل بنا دے گا کہ وُہ سارے کشمیریوں کو اپنے پیچھے لگا سکیں۔ اسی طرح اگر جموں کے ہندوؤں نے فرقہ پرست سیاست کا مکمل تیاگ نہ کیا، تو یہ ریاست کی مسلم اکثریت کو بھی فرقہ دارانہ لائنوں پر منظم ہونے کی دعوت ہوگی اور جموں کو کچلنے میں اُن کی حمایت حکومت کو ہمیشہ حاصل رہے گی۔ فرقہ پرستی یا صُوبہ پرستی کا راستہ جموں کو منزل سے اتنا ہی دُور رکھتا ہے جتنا حکومت پرستی کا۔ سیکولر اور جمہوری اپوزیشن کو اپنانا ہی جموں کی نجات کا راستہ ہے۔

# جموں کی اٹانومی

کشمیر اور جموں، مسلمانوں اور ہندوؤں کو یہ حقیقت سمجھنے پر مجبور ہونا پڑے گا کہ ایک دُوسرے کی مدد کے بغیر اُن کے اپنے اپنے مخصوص مسائل

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

بھی حل نہیں ہو سکتے۔ یہ وہم، جو اکثر بار جان بوجھ کر بھی پھیلایا جاتا ہے، توڑنا پڑے گا کہ کشمیر میں سب لوگ پاکستانی ہیں اور جموں میں سب سنگھی مسئلہ الحاق پر دونوں صوبوں میں جو اختلاف نظر آتا ہے، وُہ بھی کسی حد تک بناوٹی ہے۔ الحاق کو محدوُد اور مکمل کی بحث میں اُلجھانے والوں نے الحاق اور مُلک کی کوئی خدمت نہیں کی۔ کیونکہ مرکز اور ریاستوں کے تعلقات مُلک کا اندرُونی آئینی معاملہ ہے جسے خواہ مخواہ مسئلہ الحاق سے جوڑ کر اِسے بحث طلب بنا دیا گیا۔ آج کشمیر کی با اثر لیڈرشپ اِس وجہ سے ہندوستان سے ناراض ہے کہ اُس سے اٹانومی کا وعدہ کر کے چھین لی گئی تھی۔ اگر ہم ۱۹۵۳ء کے پہلے کے واقعات پر نظر دوڑائیں تو یہ واضح ہو جائے گا کہ کشمیر اپنی اٹانومی کی محض اِس وجہ سے حفاظت نہ کر سکا کہ اُس نے اُس میں جموں کو حصہ دار نہ بنایا۔ جموں نے اس اٹانومی کے خلاف اور مکمل الحاق کے حق میں اِس لئے آواز اُٹھائی کہ اُسے کشمیری غلبہ کا خطرہ تھا۔ ورنہ جیسا کہ ہم نے دیکھ لیا ہے مکمل الحاق سے جموں کا مسئلہ حل نہیں ہوُا۔ جو تبھی ہو سکتا ہے اگر جموں کو آئینی اور سیاسی طور پر اقتدار میں حصہ دار بنایا جائے۔ کشمیر جن وجوہات کی بناء پر ہندوستان میں خاص تحفظات کی ضرورت محسوس کر رہا ہے، بالکل اُنہی وجوہات کی بناء پر جموں کو ریاست کے اندر تحفظات کی ضرورت ہے۔ مکمل الحاق اور محدُود الحاق کے جذباتی مگر کھوکھلے نعروں کی بجائے جموں کی اٹانومی کا حقیقت پسندانہ اور تعمیرانہ نعرہ ہی جموں کے مسائل حل کرنے میں ممد ہو سکتا ہے۔

کشمیر کی اُمنگوں اور جذبات کی قدر کر کے ہی جموں اپنی اُمنگوں اور جذبات کی تسکین کے لئے کشمیر کی حمایت کی توقع کر سکتا ہے۔ چونکہ جموں کا اتحاد اور

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

مضبوطی اُن سیاسی اصُولوں اور طاقتوں کی وجہ سے ہوگا جو ساری ریاست کے لئے مُفید ہیں۔ اِس لئے ہمیں کوئی شک نہیں ہونا چاہئے کہ جموں کو اپنی جدو جہد میں با شعور کشمیریوں کی حمایت حاصل رہے گی۔ جہاں جیسے کہ اُوپر بیان کیا گیا ہے، جموں کی کچھ مجبوریاں ہیں، وہاں جموں کو مقابلتاً کچھ آسانیاں بھی ہیں۔ مثال کے طور پر جموں میں کشمیر کے مقابلے میں یقینی طور پر زیادہ سیاسی آزادی ہے۔ آج جموں کو یہ رول ادا کرنے کا موقعہ ملا ہے کہ وہ ریاست بھر میں شہری آزادی اور جمہوری حقوق کی جدّوجہد میں رہنمائی کرے۔ یہ جدوجہد جموں اور کشمیر کو مزید قریب لانے کا باعث بنے گی۔

جو ریاست ڈوگرہ بزرگوں نے تلوار کے زور بنائی تھی اور جو علاقے اُنہوں نے تلوار کے زور سے ہندوستان کا حصّہ بنائے تھے، آج اُنہیں برقرار رکھنے کے لئے تلوار کی بجائے پیار و محبت اور سیاسی ہتھیار کام آئیں گے۔ جموں آج لگ بھگ اُسی قسم کے نازک دَور سے گزر رہا ہے جس سے اُسے سو برس پہلے گزرنا پڑا تھا۔ جموں نے آج نہ صرف اپنے وقار کی حفاظت کرنی ہے بلکہ سارے مُلک کے مفاد کی۔ اِس اہم اور تاریخی ذمہ داری سے عہدہ برا ہونے کے لئے ہندوستان کے بہترین اصُول۔ سیکولرازم، جمہوُریت اور سوشلزم ــــ ہی جموُں کے کام آسکتے ہیں ہندوستانی وچاروں اور جماعتوں کو کشمیر تک پہنچانے میں ایک ضروری کڑی بن کر ہی ڈوگرہ محب وطن ریاست کے بانیوں کی یاد اور مُلکی اور اپنے مفاد کی صحیح خدمت کرسکتے ہیں۔

---

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

# سوشلسٹ لٹریچر (اُردو)

جمہوری سوشلزم ... ... از اشوک مہتہ

سوشلزم اور کشمیر ... ... ،، برج موہن طوفان اور جسونت سنگھ

جمہوری سوشلزم کے بنیادی اصول ۔ ،، پروفیسر مکٹ بہاری لال

جمہوری سوشلزم بنام کمیونزم ،، پروفیسر مکٹ بہاری لال

صنعتی اقتصادیات پر
دس سرمایہ داروں کا غلبہ } ... ،، اشوک مہتہ

# سوشلسٹ اخبار

ہفتہ وار "جنتا" (انگریزی) بمبئی

ہفتہ وار "جنتا" (ہندی) پٹنہ

ہفتہ وار "سوشلسٹ" (اُردو) جالندھر

ہفتہ وار "پیامِ انقلاب" (اُردو) سرینگر

کشمیر افیئرس (انگریزی) دہلی

مزید واقفیت دفتر پرجا سوشلسٹ پارٹی، ۲ے کراؤن ہوٹل، دکھوناتھ مندر چوک، جموں سے حاصل ہو سکتی ہے۔

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

94181
43264

9

Correspondings of
Sheikh and Sadiq
(Urdu)

# شیخ، صادق خط و کتابت

[۱۶ر اگست ۱۹۵۶ء تا ۲۸ر اکتوبر ۱۹۵۶ء]

My Name is
Pawan Singh.
village Basoli
Distt. Kathua
state Jammu Kashmir

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

حق و انصاف کے نام

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

# پہلا خط

## شیخ محمد عبداللہ بنام خواجہ غلام محمد صادق

سب جیل کُد۔
مورخہ ۱۶ راگست ۱۹۵۶ء

صاحبِ صدر دستور ساز اسمبلی سرینگر۔

تسلیم۔

وقتاً فوقتاً جو اِکّا دُکّا اخباری اطلاعات ہم تک پہنچی ہیں۔ ان سے مجھے معلوم ہُوا ہے کہ آپ بہت جلد ریاست جموں و کشمیر کے لئے ایک آئین بنانے کے ارادہ سے کانسٹی ٹیونٹ اسمبلی کا اجلاس بلا رہے ہیں۔ صاف ظاہر ہے کہ ریاست کی تاریخ میں اِس اقدام کو ایک خاص اہمیت حاصل رہے گی۔ بنا بریں مَیں ملک کے دبائے ہُوئے لاکھوں لوگوں کی طرف سے اور ساتھ ہی اِس عظیم الشان عوامی تحریک کے نام پر جو گذشتہ ایک چوتھائی صدی سے چلتی آئی ہے اپنے آپ پر یہ فرض سمجھتا ہُوں۔ کہ آپ کو ان خطرناک نتائج کے لئے متنبہ کردوں جو آپ کے اِس اقدام سے متوقع ہیں اگرچہ اِس میں کافی تاخیر ہُوئی ہے لیکن پھر بھی مجھے امید ہے کہ آپ جلد بازی سے کام لینے کے بجائے توقف کریں گے اور اپنے اِس ارادہ پر دوبارہ سوچ کر اِس سلسلہ کو بند کر دیں گے۔ جس نے رائے عامہ کو مفلوج بنا ڈالا ہے اور جمہوریت کی صحیح نشو و نما کو کافی حد تک نقصان پہنچایا ہے۔ مَیں اِس خط میں ان واقعات کو دُہرانا چاہتا ہُوں۔ اور ساتھ ہی یہ جاننا چاہتا ہُوں کہ ریاست کے عوام اِس وقت جن حالات سے دوچار ہیں اور ریاست کے اندر جو فضا موجود ہے کیا اس کے ہوتے ہُوئے عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق کسی آئین کی تکمیل کی ذمہ داری پُوری کی جا سکتی ہے۔

۹ راگست ۱۹۵۳ء کو سازش۔ دھوکہ اور غیر جمہوری طریقہ سے حکومت کی جو تبدیلی عمل میں لائی گئی۔ وہ جمہوریت پر پہلا قاتلانہ حملہ تھا۔ مجھے غیر جمہوری اور غیر آئینی طریقے سے وزارتِ عظمےٰ سے ہٹایا گیا۔ اور اس کے ساتھ ہی گرفتار کر کے نظر بند کیا گیا۔ جمہوریت اِس قسم کی مثالی پیش کرنے سے معذور رہے۔ جبکہ آمرانہ طریقے پر ہاؤس کے لیڈر کو عدم اعتماد کی رسمی تحریک کے بغیر اپنے عہدے سے ہٹایا گیا۔ کشمیر کے گوشے گوشے میں جو احتجاجی مظاہرے ہُوئے۔ اور جو جلوس نکالے گئے۔ عوام نے انہی سے یہ ثبوت پیش کر دیا کہ انہیں اس اقدام سے کتنا صدمہ پہنچا ہے اور اُن کا جذبۂ نفرت کس حد تک پہنچا ہُوا ہے اس سازش اور تبدیلی کے نتیجہ میں یہ واضح ہے کہ عوام پر جو حکومت زبردستی ٹھونسی گئی۔ اسے عوام کا ذرہ برابر بھی اعتماد حاصل



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

نہیں۔ اِس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ حکومت پیدا ہوتے ہی اپنی موت آپ مر چکی ہوتی اور دھڑام سے زمین بوس ہو چکی ہوتی۔ لیکن فوج۔ انڈین ریزرو پولیس ملیشیا اور دوسری مسلح طاقتوں نے دارو گیر اور جبر و تشدد کا جو سلسلہ جاری کیا۔ اس نے اس کو سہارا دیا اور برقرار رکھا ۹ اگست ۱۹۵۳ء اور اس کے بعد کافی دیر تک اُن عوام کُش طاقتوں نے لوگوں پر اندھا دھند گولیاں برسانے اور مار دھاڑ کا سلسلہ جاری رکھا۔ اور اب ان کی حمایت کے لئے "سپیشل پولیس اور "پیس بریگیڈ" بھی منظم کر دیئے گئے ہیں اور یہی وہ طاقتیں ہیں جن کے بل بوتے پر کشمیر کی موجودہ حکومت اپنی زندگی کا ثبوت دے رہی ہے۔

اگر آپ فراموش کرنا نہیں چاہتے ہوں تو آپ اُن واقعات سے واقف ہی ہوں گے جو ۹ اگست ۱۹۵۳ء کے بعد رونما ہوئے اور اب تو یہ تاریخ کا ایک جزو بن چکے ہیں۔ کہ کیسے بے دردی اور بلا کسی امتیاز کے پُرامن شہریوں مردوں۔ عورتوں اور بچوں کی قتل و غارت کا سلسلہ جاری کیا گیا۔ ہزاروں آدمیوں کو گرفتار کیا گیا اور انسانیت سوز تشدد کے ذریعہ انہیں سر جھکانے پر مجبور کر دیا گیا۔ اِس جور و جبر کا نشانہ صرف عوام ہی نہیں بنے۔ سرکاری ملازم اور افسر۔ معزز شہری۔ عدالتوں کے بڑے بڑے وکیل۔ اسمبلی کے ممبران اور ہماری تحریکِ آزادی کے وہ جانباز سپاہی بھی ان مظالم کا شکار ہوئے جنہوں نے بیش بہا قربانیاں دی ہیں اور جب تیسرے درجے کے سارے اخلاق سوز حربے لوگوں کو دبانے میں ناکام رہے تو انہیں پیٹا گیا۔ زدو کوب کیا گیا اور اِس طرح زخمی اور ادھ مُوا بنا کر مختلف جیلوں میں پھینک دیا گیا۔ خود منسٹروں کے مکانوں۔ نام نہاد ہوٹلوں اور پرائیویٹ مکانوں میں جن لوگوں کو نظر بند کیا گیا۔ اُن کا تو کوئی شمار ہی نہیں اور انہیں جو تکلیفیں دی گئیں اور جس طرح عذاب میں مبتلا کر دیا گیا وہ انتہائی دردناک اور جگر خراش ہے۔ یہ خونی ڈرامہ انتہائی بے شرمی اور بے غیرتی کے ساتھ اور پوری سرگرمی کے ساتھ کافی دیر تک کھیلا جاتا رہا۔ کشمیر کو حقیقی معنوں میں جہنم بنا گیا اور ساری وادی پر ایک آہنی پردہ ڈال دیا گیا اور اِس طرح باہر کی دُنیا اور کشمیر کے درمیان صحیح واقعات جاننے اور سمجھنے کے سارے دروازے بند کر دیئے گئے۔

یہی وہ حالات تھے جن کے ہوتے ہوئے آپ نے بخشی غلام محمد کی نئی حکومت کے لئے اعتماد کا ووٹ حاصل کرنے کے ارادہ سے اسمبلی کا اجلاس بلایا۔ جو اگست ۱۹۵۳ء کے خُونی ڈرامے کے ہیرو تھے اور آپ جن میں اُن کے خاص شریکِ کار اور ساتھی تھے۔

جیل میں جونہی مجھے آپ کے اِس ارادے کا پتہ لگا۔ میں نے تاخیر کئے بغیر آپ پر اِس بات کی اہمیت واضح کر دی کہ اجلاس میں میری موجودگی لازمی ہے کیونکہ اِس میں میرے خلاف عدم اعتماد اور بخشی غلام محمد پر اعتماد کی تحریک پر بحث کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے میرا یہ مطالبہ کس حد تک جائز معقول اور منصفانہ تھا اس پر بحث کرنا ضروری نہیں۔ ہاؤس کے لیڈر اور وزیر اعظم کی حیثیت سے میرا یہ ایک مسلمہ اور ناقابلِ انکار حق تھا۔ کہ میں اس صورت کا خود مقابلہ کرتا۔ اس مقدس حق کی تائید و تصدیق جمہوریت کے ہر اصول اور رواج سے اور ہر مرحلے پر ہوتی آئی ہے۔ لیکن چونکہ آپ خود اِس سازش کے شریکِ کار تھے اس لئے ظاہر ہے کہ آپ کی اپنی پوزیشن اِس معاملے میں پُر خطر اور غیر مستحکم تھی۔ آپ نے میرے اِس مطالبہ کو مسترد کرنے میں ہی اپنی بہتری سمجھی اور اپنے آپ کو بچا لیا۔ لیکن ظاہر ہے کہ اِس طرح آپ نے جمہوری اصولوں پر پھر ایک ضرب کاری لگائی۔ آپ کو اِس سے باخبر ہونا چاہیئے۔ کہ جب بھی اسمبلی میں کوئی کام جاری ہو۔ تو ہر ایک ممبر کو یہ [illegible] ہے کہ وہ اجلاس میں حاضر ہو اور اپنے نکتہ نظر کی وضاحت کے لئے موجود ہو۔ یہ بات کوئی حقیقت نہیں رکھتی کہ ہاؤس کے اندر کسی ممبر کو اپنے نکتہ نظر میں گنتی

کے اعتبار سے کتنوں کی حمایت حاصل ہے بلکہ یہ دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ اس کو اپنے نکتہ نظر کی حمایت حاصل کرنے اور دوسروں کو اپنا ہمنوا بنا لینے کا جو بنیادی حق حاصل ہے وہ اسے ملا یا نہیں۔ لیکن مجھے اور دوسرے ممبران اسمبلی کو جنہیں اگست ۱۹۵۳ء میں بند کر دیا گیا۔ آپ نے اس حق سے محروم کر دیا۔ اور یہ حق ہم سب سے چھینا گیا۔ صاف ظاہر ہے کہ آپ نے اس طرح دُنیا کی آنکھوں میں دھول جھونکنے اور یہ باور دلانے میں مدد دی کہ کشمیر کی موجودہ حکومت کو ہاؤس کی حمایت حاصل ہے لیکن اس حقیقت سے سب واقف ہیں اور سب سمجھ چکے ہیں کہ ایسے مخدوش حالات میں اعتماد حاصل کرنا نہ صرف اخلاقی اور قانونی لحاظ سے کسی قدر و قیمت کا مستحق ہی نہیں بلکہ یہ کاروائی جمہوریت کے ساتھ کھلم کھلا ایک دھوکا۔ فریب اور مذاق ہے۔

اب تو اس بات کی کافی شہادتیں اور واقعات منظر عام پر آ چکے ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ ۹ اگست ۱۹۵۳ء کی جمہور کش حکومتی تبدیلی بخشی اور اس کے حاشیہ برداروں کی ایک گہری سازش کا نتیجہ تھی۔ جو انہوں نے فرقہ پرست۔ رجعت پسند اور دوسرے غرض مند عناصر سے ہاتھ ملا کر تیار کی تھی۔ اور جس کا مقصد اس عظیم تحریک کو نقصان پہنچانا تھا۔ جس کی قیادت اور رہبری کا شرف مجھے ۱۹۳۱ء سے حاصل رہا ہے۔ حکمران ٹولی نے نہ صرف ان بنیادی اصولوں سے رُوگردانی اور غداری کی۔ جن کے حصول کے لئے دورانِ تحریک ہم میں سے سینکڑوں مجاہدوں نے اپنی جان کی قربانیاں دیں بلکہ اپنی طرف سے آزادی کے متوالوں کی مجاہدانہ سپرٹ کو کچلنے اور مسلنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا۔ کشمیر کے اندر نا قانونیت کا دور دورہ ہے۔ احتیاطی نظر بندی کا قانون ہے جس کے ذریعہ ایک شخص کو بغیر وارنٹ گرفتار کیا جا سکتا ہے اور مقدمہ اور سماعت کے بغیر پانچ سال تک نظر بند رکھا جا سکتا ہے اسی کے بل بوتے پر یہ حکومت قائم ہے اس وحشی اور انتہائی کمینہ قانون کا کھلے بندوں عام طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی ضرب اکثر یا تو اپوزیشن کے ممبروں پر پڑتی ہے یا ان لوگوں پر جن کی جائز سرگرمیوں سے آپ کو کرسیوں اور عہدوں سے محرومی کا خطرہ لاحق ہو جاتا ہے آپ ان واقعات کو جانتے ہی ہوں گے۔ جب اس قانون کا خوف دلا دلا کر ممبران اسمبلی سے اپوزیشن میں شامل ہونے کے "گناہ" پر استعفی دینے کے لئے دباؤ ڈالا گیا۔ قید میں ڈالنے کی دھمکیاں دی گئیں یا ان تقریروں کی تشہیر و اشاعت کے لئے نظر بند کیا گیا جو آپ کی اسمبلی کے مواخذات سے محفوظ اجلاس میں کی گئی تھیں حتےٰ کہ آج بھی جب آپ ملک کو ایک آئین دینے کا "کارنامہ" انجام دے رہے ہیں۔ اپوزیشن کے کئی اہم ممبران نظر بند ہیں اور بعض ایسے بھی ہیں جن کو نام نہاد پیرول پر چھوڑا تو گیا ہے لیکن باہر وہ عملاً انتہائی ذلت آمیز طریقہ پر پولیس کی نگرانی میں ہیں اور ان کا "جرم" محض یہ ہے کہ وہ آپ کی حکومت کی حمایت سے انکار کرتے رہے ہیں شرمناک اور مکروہ صورت حال کا ایک پہلو یہ بھی ہے کہ مجھے مسلسل تین سال سے بغیر کسی سماعت اور مقدمہ کے نظر بند رکھا گیا ہے اور اس نظر بندی میں وقتاً فوقتاً توسیع ہوتی آئی ہے اور یہ سب کچھ اس لئے کیا جا رہا ہے تاکہ آپ کی حکومت کو کچھ تازگی اور کچھ زندگی حاصل ہو۔ اگرچہ یہ تازگی اور زندگی مختصر اور عارضی ہے۔

گویا جنگل کا یہ قانون عوام کو دبانے اور کچلنے کے لئے ناکافی تھا۔ کہ آپ کی حکومت نے ایک بڑی رقم خرچ کر کے "سیول آرمی" کھڑی کر دی۔ جس کو پیس بریگیڈ یا سپیشل پولیس کہا جاتا ہے۔ اس کا فرض ہی یہ ہے۔ کہ لوگوں کی بر سر عام بدنی کرے۔ بے عزتی کرے۔ دن دہاڑے لوگوں سے اُن کا اثاثہ چھین لے۔ اور ان لوگوں پر جو آپ کی حکومت کے مخالف ہیں طرح طرح کی سختیاں اور ظلم کرے اور اس طرح اس حکومت کو سہارا دیتی رہے۔ یہ "آرمی" سماج کے ایسے جرائم پیشہ اور بدنام



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

افراد پر مشتمل ہے۔ جن کا ماضی اُن کے بُرے کرتوت کی وجہ سے انتہائی داغدار ہے اور اب جن کا کام ہی یہ ہے کہ پُرامن شہریوں کو خوف اور دہشت دلا دلا کر عرصۂ حیات تنگ کر دیا جائے۔

ریاست کے اندر شہری آزادی کو کلیتاً دفنا دیا گیا ہے۔ جائز سیاسی سرگرمیوں پر گلوگیر پابندیاں عائد کر دی گئی ہیں۔ پبلک لائف مفلوج بنا دی گئی ہے حکومت ہندوستان سے جو موٹی موٹی رقمیں قرضہ پر حاصل کی جاتی ہیں ان سے لوگوں کے دین و ایمان اور ضمیر کا سودا کیا جا رہا ہے۔ . . . . . . . . . . . . . .

کسی کو جھٹکے دیئے جا رہے ہیں . . . . . . . . . . .

. . اور کہیں تحریص و تخویف کے دوسرے ذرائع سے کام لیا جا رہا ہے۔ اور وہ صرف اس لئے تاکہ آپ کی حکومت کھڑی رہ سکے۔

۹ اگست ۱۹۵۳ء کے خونی اقدام اور اس کے بعد کے سیاہ کارنامے جو اسمبلی کے باہر اور اندر انجام دیئے گئے۔ ان کے نتیجہ میں موجودہ حکومت اور اسمبلی نے مکمل طور پر عوام اور رائے دہندگان کا اعتماد کھو ڈالا ہے اور انہیں اب لوگوں کی سیاسی اور اقتصادی خواہشات اور اُمنگوں کی نمائندگی حاصل نہیں رہی۔ ان حالات میں اگر یہی جماعت لوگوں اور اُن کی نسلوں کے لئے کوئی بنیادی قانون بنانے تو اس سے بڑھ کر لوگوں کے ساتھ غداری اور بے انصافی کیا ہوگی؟ بنابریں مَیں اپنے آپ کو اس فرض کا پابند سمجھتا ہوں کہ آپ کو اس اقدام سے باز رہنے کی تلقین کروں۔

تاریخ اس امر کی شاہد ہے کہ دُنیا میں کئی کوزلنگ اور غدار پیدا ہوئے لیکن وہ واقعات بھی ناقابل فراموش ہیں کہ عوام کے ایسے دشمنوں کا انجام کیا ہُوا۔ دُور جانے کی ضرورت نہیں۔ خود ہندوستان کے اندر بھی بڑے بڑے غداروں نے جنم لیا۔ جنہوں نے آزادی کی جنگ کے راستے میں عوام کی پیش قدمی کو روکنا چاہا۔ اگرچہ زر و جواہر اور توپ و بندوق سے کام لے کر اُنہوں نے کچھ مہلت حاصل کر لی اور آزادی کی طاقتوں کو دبانے میں کچھ وقت کے لئے کامیابی بھی حاصل کر لی۔ لیکن بالآخر عوام کی بیداری کچھ ایسی طاقتور ثابت ہُوئی۔ کہ وہ غدار بھی ناکام و نامراد ہو گئے اور ان کے مالک اور آقا بھی۔ مجھے پُورا بھروسہ ہے کہ اگر آپ اس عوام کُش کاروائی پر مصر رہے اور آپ نے ریاستی عوام پر آئین ٹھونسنے کا کام جاری رکھا۔ تاریخ اپنے آپ کو دُہرائے گی اور آپ کو اپنے ارادوں میں عوامی جدوجہد کے سامنے ناکامی اور نامرادی کا مُنہ دیکھنا پڑے گا۔

آپ کا مخلص

شیخ محمد عبداللہ

# دوسرا خط

## خواجہ غلام محمد صادق بنام شیخ محمد عبداللہ

سرینگر

مورخہ ۱۱ ستمبر ۱۹۵۶ء

مائی ڈیر شیخ صاحب۔

مجھے آپ کا ۱۶ اگست ۱۹۵۶ء کا خط ملا۔ چونکہ میں وزراء تعلیم کی کانفرنس کے سلسلہ میں دہلی چلا گیا تھا اس لئے جواب لکھنے میں دیر ہوئی۔ امید ہے کہ آپ جواب کی اس تاخیر کو معاف فرمائیں گے۔

میں آپ کو ابتدا ہی میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

سیاسی اختلاف رائے کی صحیح تشخیص اس وقت ہو سکتی ہے جبکہ ہمارا زاویہ نگاہ اس بارے میں غیر شخصی اور پر سکون ہو۔ اگر ایسا نہیں ہوتا تو ہم صحیح تناسب کھو بیٹھتے ہیں جس کا یہ لازمی نتیجہ ہوتا ہے کہ دلائل میں سختی اور تلخی پیدا ہو جاتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر یہ زاویہ نگاہ آپ کے ذہن میں ہوتا تو آپ کے خط کا لب و لہجہ مختلف ہوتا۔ میں آپ کی توجہ ان بیانات کی طرف مبذول کرانے پر مجبور ہو گیا ہوں۔ جو آپ نے اپنے خط میں تحریر کئے ہیں۔ یہ بیانات یا تو حقائق کے خلاف ہیں یا غلو کا شکار ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ یہ بیانات ان غلط اطلاعات کا نتیجہ ہیں جو آپ کو صورت حال کے متعلق مفاد پرست طبقوں نے پہنچائی ہیں اور جو اب بھی اس قسم کی کارروائیوں سے اپنے مقاصد حاصل کر رہے ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ آئین کی تکمیل کے لئے دستور ساز اسمبلی کا آئندہ اجلاس جلد ہی بلایا جائے گا۔ آپ نے اس طریقہ کار پر اعتراض کیا ہے آپ کے اس اعتراض میں مجھے اس نکتہ نظر میں ایک تکلیف دہ تبدیلی نظر آتی ہے جس نکتہ نظر کے لئے آپ نے ریاست میں قومی تحریک کی تقریباً بیس۲ سال تک رہنمائی کی۔ مجلس دستور ساز کی تشکیل ریاست میں قیام جمہوریت کے سلسلہ میں ہماری جد و جہد کے ایک عظیم دور کی نشان دہی کرتی ہے۔ یہ تشکیل پہلے ہی وجود میں آ جاتی۔ مگر پاکستان کے ریاست پر جارحانہ حملہ کی وجہ سے اس میں تاخیر ہو گئی۔ ہماری قومی زندگی میں اس غیر یقینی جزو کے ساتھ کشمیر کا سوال سکیورٹی کونسل میں بحث کا موضوع بن گیا۔ جہاں اس مسئلہ کے پس منظر کو بالکل ہی مسخ کر دیا گیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ریاست میں غیر یقینی حالات مزید نازک صورت اختیار کر گئے۔ ان غیر یقینی حالات اور مبہم صورت حال کو ختم کرنے کے لئے نیشنل کانفرنس کی جنرل کونسل نے اپنے ۲۷ اکتوبر ۱۹۵۰ء کے ریزولیوشن میں یہ سفارش کی:-

"ریاست جموں و کشمیر کے آئندہ تعلقات اور ڈھانچہ کو طے کرنے کے لئے ریاست کے تمام علاقوں اور بالغ رائے دہندگی کی بنیاد پر عوام کی سپریم نیشنل ایگزیکٹو ایک دستور ساز اسمبلی کو قائم کرنے کے لئے جلد از جلد اقدام اٹھائے۔ اس خود مختار مجلس میں جس میں ریاست کے عوام کی اعلےٰ خواہشات شامل ہوں گی۔ ہم اپنے آپ کو اور اپنے بچوں کو ایک ایسا دستور مہیا کریں گے جو ہماری جد و جہد آزادی کی روایات کے شایان شان ہوگا اور جو "نیا کشمیر" کے اصولوں کے عین مطابق ہوگا"

اس کے مطابق دستور ساز اسمبلی کا قیام عمل میں آیا۔ دستور ساز اسمبلی کی حیثیت اور منصب کی صحیح تصویر ... آپ نے ۵ نومبر ۱۹۵۱ء کو اپنی افتتاحی تقریر میں فرمایا تھا کہ:-

"صدیوں کے بعد ہم اپنی آزادی کی منزل پر پہنچے ہیں۔ وہ آزادی جو کہ تاریخ میں پہلی بار جموں و کشمیر کے عوام کو جن کے باقاعدہ منتخب شدہ نمائندے یہاں جمع ہیں۔ یہ موقع دے گی کہ وہ نہایت سنجیدگی اور غور و فکر کے بعد اپنے ملک کے مستقبل کو بنائیں اور حکومت کے مختلف شعبوں کی تشکیل کریں۔ کوئی شخص اور کوئی طاقت ہمارے اس عظیم تاریخی فرض کو پورا کرنے کے درمیان حائل نہیں ہے ہم بحیثیت عام لوگوں کے اپنی خواہشات اور آرزوؤں اور ان اصولوں کو جن کے تحت ہم یہاں جمع ہوئے ہیں عملی جامہ پہنانے کے لئے آزاد ہیں"

اسمبلی کے سامنے دو اہم مقصد تھے اور یہ منشاء ریاست کے



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

عوام کی اکثریت کی خواہشات کے عین مطابق تھے :۔

(الف) ریاست میں نیشنل کانفرنس کی حکومت کے عبوری انتظامات کو جلد از جلد ختم کیا جائے۔ ان کو جمہوری اداروں میں تبدیل کیا جائے جن کو تسلیم شدہ جمہوری طریقوں کے ذریعہ عوام کی منظوری حاصل ہو۔

(ب) ریاست کے آئندہ آئینی الحاق کا تعین کیا جائے۔

پہلے مقصد کے بارے میں آپ نے فرمایا تھا کہ :۔

"اپنے اول فرض یعنی آئین بنانے کے لئے ہم قدرتی طور پر دنیا کے جمہوری اداروں کے اعلےٰ اصولوں کو اپنی شمع ہدایت بنائیں گے ہم اپنے کام کی بنیاد مساوات۔ آزادی اور سماجی انصاف کے اصولوں پر رکھیں گے جو تمام ترقی یافتہ آئینوں کے اہم جُز ہیں "قانون کی حکومت" کا اصول جیسا کہ تمام دنیا کے جمہوری ممالک میں اس کا مفہوم سمجھا جاتا ہے ہمارے سیاسی ڈھانچے کا اہم ستون ہونا چاہیئے۔ قانون کی نگاہ میں برابری اور انتظامیہ کے اثرات سے عدالتوں (جوڈیشری) کا الگ رہنا ہمارے لئے نہایت اہم و ضروری ہے۔ تقریر، نقل و حمل اور ایسوسی ایشن کے بارے میں ایک فرد کی آزادی کی گارنٹی دی جائے گی۔ آزادی تحریر و رائے بھی ہمارے دستور کی اہم خصوصیات ہوں گی"

دوسرے مقصد کے لئے آپ نے دستور ساز اسمبلی کے سامنے تین متبادل تجاویز رکھی تھیں :۔

(۱) ریاست کا پاکستان کے ساتھ الحاق۔

(۲) ریاست کی آزادانہ حیثیت۔

(۳) ہندوستان کے ساتھ الحاق کی توثیق۔

پہلی دو تجاویز کو مسترد کرتے ہوئے کیونکہ وہ غیر حقیقی اور ہماری تحریک آزادی کی روایات کے منافی تھیں آپ نے فرمایا تھا کہ :۔

"آپ بلا شبہ ہندوستان کے موجودہ آئینی تعلقات سے با خبر ہیں۔ ہمیں ہندوستان سے تعلق پر فخر ہے۔ جس کے عوام اور حکومت کی پوری ہمدردیاں اور خیر خواہی ہمیں پوری مقدار میں حاصل ہیں۔ ہندوستان کے آئین میں وفاقی یونین کی تجویز رکھی گئی ہے اور جہاں تک اختیارات کی تقسیم کا تعلق ہے اس میں ہمیں دوسرے دستوری یونٹوں سے مختلف رکھا گیا ہے۔ اپنے عوام کی ترقی کے لئے مشترکہ کوششوں میں ہم بحیثیت مساوی حصہ داروں کے شریک ہوں گے۔ بحیثیت شریک کار کے پھلنے پھولنے اور ترقی کرنے کے لئے میں مشورہ دوں گا۔ کہ جہاں ہم اپنی خود مختاری کا تحفظ کریں تاکہ آزادی سے ماضی کی روایات اور اپنے عوام کی ذہانت کے مطابق ملک کی تعمیر کر سکیں وہاں ہم ہند یونین کے ساتھ مناسب دستوری انتظامات کے ذریعے اس عظیم کام میں ان ———— کی مدد اور تعاون حاصل کرنے کا ہمیں حق حاصل ہو ——— اور ہم بھی اپنی پوری مدد اور تعاون کی پیشکش کریں۔"

دستور ساز اسمبلی کو منعقد کرنے کی تاریخی ضرورت پر روشنی ڈالنے اور اس کے مقاصد کی صاف اور کھلی وضاحت کے بعد ہمیں امید تھی کہ آئین سازی کے کام کو سنجیدگی اور تیزی کے ساتھ شروع کیا جائیگا۔ مگر بدقسمتی سے یہ اعلےٰ خود مختار ادارہ کہ جس کا مقصد ریاست میں غیر یقینی حالات اور غلط رجحانات کو ختم کرنا تھا خود ہی تاخیر اور غلط رجحانات کا شکار ہو گیا۔ ہم اس تبدیلی سے پریشان ہو گئے تھے چونکہ میں آپ کی کابینہ سے کافی عرصہ سے علیحدہ تھا اس لئے

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

میں اِس پوزیشن میں تھا۔ کہ صورت حال کا غیر جانبدارانہ طریقہ سے اندازہ لگا سکوں۔ اِس لئے میں نے متعدد بار آپ کو اِس صورت حال کے خطرات سے متنبہ کیا تھا میں نے آپ کو بتایا تھا۔ کہ اِس اسمبلی کے بنیادی کام کے مقابلے میں قانون بنانے کا کام محض عارضی اور اتفاقی ہے۔ مگر بد قسمتی سے بجائے دستور سازی کے اِس اسمبلی سے زیادہ تر قانون سازی کا کام لیا جاتا رہا۔ اگست ۱۹۵۲ء میں معاہدہ دہلی مکمل ہوا۔ جس میں یونین اور ریاست کے اختیارات کے دائروں کی تشریح کی گئی تھی۔ ایک طرف ہند پارلیمنٹ اور دوسری طرف ریاست کی دستور ساز اسمبلی نے اِس معاہدہ پر اپنی منظوری کی مہر ثبت کی تھی۔ ۱۱ر اگست ۱۹۵۲ء کو جب آپ نے یہ معاہدہ دستور ساز اسمبلی کے سامنے رکھا تھا تو اُس وقت ایوان کو مخاطب کرتے ہوئے آپ نے صورتِ حال کو بالکل واضح کر دیا تھا۔ آپ نے فرمایا تھا کہ:۔

"آئین ہند ریاست جموں کشمیر کے لئے دستور ساز اسمبلی کو منعقد کرنے کی صاف طور پر اجازت دیتا ہے یہ اسمبلی ریاست کے الحاق اور اِس سے پیدا شدہ دوسرے امور کے متعلق آخری فیصلہ کرنے کی ذمہ دار ہوگی اور یہ فیصلہ آئین میں مستقل دفعات کی صورت میں شامل کیا جائے گا"

آپ نے مزید فرمایا تھا کہ:۔

"میں نے اپنی افتتاحی تقریر میں آئین ساز اسمبلی کے فیصلوں کی حدود کے متعلق اشارہ کیا تھا۔ میں نے اسمبلی کے چار خاص کاموں کا تذکرہ کیا تھا۔ اول موروثی حکمرانی کا مستقبل۔ دوم بگ لینڈڈ اسٹیٹس ایکٹ کے تحت جو زمینیں کاشت کاروں کو دی گئی تھیں ان کے معاوضہ کی ادائیگی۔ سوم ہندوستان کے ساتھ ریاست کے الحاق کی توثیق۔ اور چہارم ریاست کے لئے آئین مرتب کرنا۔"

آپ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ:۔

"یہ آئین ساز اسمبلی ہی کا کام ہے جو ان معاملات میں مشغول ہے کہ وہ ہندوستان کے ساتھ ریاست کے الحاق کی وسعت اور حد کو متعین کرے۔ یہ اسمبلی کو اختیار ہے۔ کہ وہ موجودہ تعلق پر رضامند رہے یا اگر وہ مناسب اور ضروری سمجھے تو اِس تعلق کو اور وسیع کر دے"

اِس کے بعد پھر ایک وقفہ تساہلی کا گذر گیا۔ بعد کے واقعات نے یہ ثابت کر دیا کہ آئین کو مکمل کرنے کا اصل کام جان بوجھ کر پس پشت ڈال دیا گیا تھا۔ میں آپ کو یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ جس وقت معاہدہ دہلی کے متعلق گفت و شنید ہو رہی تھی۔ اُس وقت نیشنل کانفرنس کے لیڈر جس طرح سودے بازی اور بحث کر رہے تھے اس سے مجھ کو ان کی خلوص نیت پر شبہ ہونے لگا تھا۔ اِس لئے میں نے اُس وقت آپ کو یہ صلاح دی تھی کہ دستور ساز اسمبلی کے آئین سازی کے تاریخی کام میں مزید تاخیر کرانے کا یہ لازمی نتیجہ ہوگا۔ کہ ریاست میں تفرقہ پسند عناصر پھر سر اٹھانے لگیں گے۔ مگر میرے اِس مشورہ کی کوئی پرواہ نہیں کی گئی اور جو نتائج بعد میں ظاہر ہوئے اُن سے میرے شبہات کی تصدیق ہو گئی۔

مارچ ۱۹۵۳ء سے اگست ۱۹۵۳ء تک ہم آئین کی بنیادی باتوں کے متعلق جھگڑتے رہے اور ورکنگ کمیٹی کے اندر اور باہر میرے ساتھیوں کی انتہائی کوششوں کے باوجود یہ ذہنیت صاف طور سے عیاں تھی۔ جو نہ صرف ہمارے بنیادی وعدوں سے ہم کو دُور لئے جا رہی تھی۔ بلکہ ہمارے عزیز ترین نظریات کے بھی منافی تھی۔ آپ کو یہ یاد ہوگا کہ ان مباحثات کے شروع دور میں ۲ دو خاص مسئلے تھے۔ جن کے بارے میں اختلاف رائے تھا۔ وہ یہ کہ آیا اِس ریاست کے شہریوں کو اِس حد تک اور اسی طریقہ پر بنیادی حقوق کی گارنٹی دی جائے کہ جس

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

حد تک ہندیونین کے عوام کو حاصل ہے اور دوسرے سپریم کورٹ کو ان حقوق کے نفاذ کا اختیار دیا جائے یا نہیں۔ عملی طور پر لوگوں کی آزادی خودمختاری اور حقوق کے متعلق بات چیت کرنا ایک چیز ہے اور ان حقوق کی گارنٹی دینے سے جو صورت حال پیدا ہو۔ اُس کا مقابلہ کرنا الگ بات ہے۔ ہم نے آپ کو یہ مشورہ دیا تھا کہ عوام کو بنیادی آزادیاں دینے کے لئے ہمارے زندگی بھر کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کا بہترین طریقہ یہ ہے۔ کہ معاہدہ دہلی کی ان دفعات پر عمل کیا جائے جو اس موضوع کے متعلق ہیں۔ مگر وہ دن ہمارے ملک کیلئے نہایت افسوس ناک تھا۔ کہ جب آپ نے اپنے ساتھیوں کے بے تکے قانونی نکتوں سے متاثر ہو کر اور اُن کی غلط رائے کو مان کر ہمارے اِس مشورہ کو نہیں مانا۔ اِس سلسلہ میں ان اختلافات کے متعلق کچھ حقائق میں آپ کو یاد دلاؤں گا۔

آپ کو یہ یاد ہوگا۔ کہ جب ہم ورکنگ کمیٹی میں ان مسئلوں پر بحث کر رہے تھے تو آپ نے مسٹر ایم۔ اے بیگ کو یہ کہا تھا کہ ان کی دلیل ورکنگ کمیٹی کو متاثر کرنے میں ناکام رہی۔ اِس دلیل کے خلاف آپ نے ایک سب کمیٹی بنائی تھی جس میں ورکنگ کمیٹی کے قانون جاننے والے ممبران شامل تھے تاکہ وہ اس موضوع پر اپنے صحیح خیالات کا اظہار کریں مسٹر ایم۔ اے بیگ بھی اِس سب کمیٹی کے ممبر تھے اور آئینی مشیر مسٹر جسٹس شاہمیری بھی اِس سے متعلق کر دیئے گئے تھے سب لوگوں کو شام کے ۵ بجے میرے دفتر میں جمع ہونا تھا۔ یہ غالباً مئی ۱۹۵۲ء کا واقعہ ہے۔ تمام ممبران شام کو ساڑھے ۷ بجے تک انتظار کرتے رہے جبکہ مسٹر بیگ اور مسٹر شاہمیری آپ کے کمرے میں مصروف کار رہے۔ تقریباً ساڑھے ۷ بجے آپ اور مسٹر بیگ اور مسٹر شاہمیری کے میرے کمرے میں تشریف لائے خیال کہ ہم سب آپ کا انتظار کر رہے تھے آپ نے نہایت تحکمانہ لہجے میں ہم لوگوں سے خطاب کیا اور کہا۔ کہ سپریم کورٹ کے دائرہ اختیار اور بنیادی حقوق کے متعلق کوئی فیصلہ نہ صرف غیر ضروری ہے بلکہ غیر حقیقی بھی ہے۔ کیونکہ اب ہندوستان کے ساتھ ہمارے تعلقات کی بنیادوں پر یقین نہیں رکھتے۔ اِس طرح اِس سب کمیٹی کا خاتمہ ہوگیا اِس کے بعد ہندوستان کے ساتھ الحاق کی بجائے دوسرے چارہ کار کی تلاش شروع ہوئی۔ آپ کو یاد ہوگا۔ کہ اِس عرصہ میں آپ نے ریاست کی آزادی کا اعلان کیا۔ جس میں تقریباً صرف وادیٔ کشمیر ہی شامل ہوتی۔ ہماری گذارشوں اور التجاؤں اور ان تمام وزنی دلائل جو آپ نے پہلے اِس کے خلاف دیئے تھے کے باوجود آپ اِس خیال پر اڑے رہے۔

میں ایسی صورت حال میں اس افسوسناک تبدیلی پر محض ایک لاچار تماشائی کی حیثیت سے نہیں رہ سکتا تھا چونکہ میں نے بھی آزادی کشمیر کی جدوجہد میں کچھ کام کیا تھا اِس لئے میں آپ کو لکھنے پر مجبور ہوا۔ اِس موقع پر جو مراسلہ میں نے آپ کو بھیجا تھا۔ اِس میں میں نے درخواست کی تھی کہ آپ صورت حال کو بگڑنے سے روکیں اور جو قطعی غیر حقیقی راہ آپ نے اختیار کی تھی اس کے نقصان دہ نتائج سے آپ کو آگاہ کیا تھا۔ میں نے لکھا تھا کہ:۔

"اِن مشاہدات کی روشنی میں میرا خیال ہے کہ موجودہ حالات میں مسئلہ کا صرف ایک حل ہے اور وہ یہ کہ اِن محدود بنیادوں پر ہندوستان کے ساتھ الحاق کو مکمل کیا جائے۔ جموں کے بارے میں ہندوستان اور جموں کشمیر کے عوام متفق ہو چکے ہیں جن کی نمائندگی ایک طرف ممبران پارلیمنٹ ہند اور دوسری طرف ممبران ریاستی دستور ساز اسمبلی کر رہے ہیں۔"

اِس مراسلہ کی ایک نقل میں آپ کو بھیج رہا ہوں تاکہ آپ کو یاد آ جائے کہ میں نے کیا لکھا تھا۔

آپ کے پیش نظر یہ کہنا غیر مناسب ہے کہ جو فیصلے آپ نے ورکنگ کمیٹی میں کرائے تھے وہ متفقہ تھے کیونکہ آپ کے ساتھیوں کی بڑی تعداد ان بنیادی مسائل پر آپ سے اختلاف

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

رکھنی تھی۔ یہ شدید اختلاف نہ صرف ورکنگ کمیٹی کے ممبروں ہی میں تھے بلکہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کی کابینہ میں بھی اختلاف ہو گیا تھا۔ ملک کے عوام الجھنوں میں پڑ گئے تھے اور ہمارے سیاسی ڈھانچے میں شدید انتشار پیدا ہو گیا تھا۔ آپ کو یاد ہو گا کہ ان دنوں میں آپ سے اکثر ملنے جاتا تھا اور آپ سے درخواست کرتا تھا۔ کہ آپ اپنے اقدام کے بارے میں اچھی طرح غور و خوض کر لیں۔ مجھے یہ دیکھ کر حیرانی اور دکھ ہوتا تھا۔ کہ وہ شخص جس نے ہماری قومی زندگی کے اکثر نازک لمحات میں ہماری قیادت کی تھی آج وہ خود اپنے فریب خیال اور وہم کا شکار ہو گیا۔

چونکہ میں آپ کی حکومت میں شامل نہیں تھا اس لئے آپ کی اختیار کردہ پالیسیوں کے نتائج سمجھنے اور ان پر آزادانہ طور سے غور کرنے کے لئے نہایت موزوں پوزیشن میں تھا۔ مجھے یہ دیکھ کر خوشی نہیں ہوئی تھی کہ ریاست میں سیاسی غیر استحکام کیفیت اور معاشی بدحالی پھیلی ہوئی ہے۔ آپ کے کچھ قریبی ساتھیوں کی وادی میں تقاریر سے فرقہ وارانہ جذبات بھڑک اُٹھے اور ان تمام عناصر کی حوصلہ افزائی ہوئی جو ریاست کے اتحاد اور استحکام کو نقصان پہنچانا چاہتے تھے اس آتشیں ماحول میں کوئی بھی واقعہ پیش آ سکتا تھا اور ہم اس وقت پورے طور سے تباہی کی طرف بڑھ رہے تھے۔ میں کوئی ایسی بات نہیں لکھنا چاہتا۔ جس سے آپ کو تکلیف ہو مگر مجھے یہ احساس ہوتا ہے کہ بدقسمتی سے آپ کو ایسے راستہ پر لے جایا گیا تھا جو کہ نہایت پُر پیچ اور تنگ تھا اور ہماری تحریک کے جو اصول تھے ان کے قطعی خلاف تھا۔ یہ دیکھ کر نہایت افسوس و دکھ ہوا تھا کہ آپ اپنے اقدام کے نتائج کا اندازہ کئے بغیر بین الاقوامی تبدیلیوں کے دھارے کے خلاف چلے جا رہے تھے۔

ان حالات میں میں نہیں سمجھ سکتا کہ راستوں کی علیحدگی کو کیسے روکا جا سکتا تھا۔ راستوں کی یہ علیحدگی میرے اور میرے ساتھیوں کے لئے یقیناً باعث تکلیف تھی۔ کشمیر میں تحریک آزادی میں آپ کے کارہائے نمایاں تاریخ کا جز بن گئے ہیں۔ اور میرے ذہن میں ان کو ہمیشہ ایک اعزازی مقام حاصل رہے گا۔ اس جدائی سے میرے دل کو سخت صدمہ پہنچا۔ لیکن جس چیز نے میری اور مجھے یقین ہے کہ میرے ساتھیوں کی بھی ہمت بڑھائے رکھی وہ یہ یقین مستحکم تھا کہ ہم نے اپنی تحریک کی نمایاں روایات کو اس مقام سے آگے منزل کی طرف بڑھایا ہے جہاں سے آپ نے ان سے انحراف کیا تھا۔ مجھے امید ہے کہ جب موجودہ جھگڑے اور اختلافات سرد پڑ جائیں گے۔ تو جو خدمات ہم نے اپنے عزیز ترین مقصد کے لئے کی ہیں اس وقت ان کی اصل قدر و قیمت کا اندازہ لگایا جا سکے گا۔

اس پس منظر کو مدنظر رکھتے ہوئے میں نے کہا تھا کہ جو تبدیلیاں ماہ اگست ۱۹۵۳ء کو واقع ہوئی تھیں وہ ناگزیر تھیں۔

آپ نے اپنے خط میں ان فسادات کا ذکر کیا ہے جو ۹ اگست ۱۹۵۳ء کے بعد رونما ہوئے تھے آپ کو تو یہ یاد ہی ہو گا۔ کہ میں اس وقت ریاستی حکومت کا رکن نہیں تھا۔ مجھے ذاتی حیثیت سے ریاست کے طول و عرض میں گھومنے کا پورا موقع ملا۔ میں آپ کو یقین دلا سکتا ہوں کہ میں نے کسی جگہ اور کسی موقع پر یہ نہیں دیکھا۔ کہ ہندوستانی فوج کو فساد فرو کرنے کے لئے استعمال کیا گیا ہو۔ تاہم میں نے سنٹرل ریزرو پولیس کے کچھ حصہ کو دیکھا تھا جس کو پہلے حکومت نے جموں میں پرجا پریشد کی ایجی ٹیشن کا مقابلہ کرنے کے سلسلہ میں پولیس کی مدد کیلئے بلایا تھا۔ یہ صحیح ہے کہ بدقسمتی سے ان فسادات میں کچھ لوگوں کی جانیں ضائع ہوئیں۔ ان حالات میں اپنے ہم وطنوں کی موت ہمیشہ ہی افسوسناک اور تکلیف دہ ہوتی ہے لیکن بحیثیت تاریخ کے طالب علم کے اور حکومت کا کچھ تجربہ رکھتے ہوئے ہمیں ایسے اندوہناک حادثات و واقعات کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کرنا چاہئے۔ میں یہ حقیقت بیان کرنے پر مجبور ہوں کہ یہ لوگ اس دیوانگی اور


CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

جذبات کا شکار ہوئے۔ جن کو آپ کے ساتھی کئی ماہ سے بھڑکا رہے تھے۔ اور بدقسمتی سے وزارتی تبدیلی تک آپ ان کی چشم پوشی کرتے رہے۔ ان سیدھے سادے لوگوں کو تشدد اور اس افسوسناک خاتمہ کے لئے ان لوگوں نے جان کر یا بے جانے بوجھے اکسایا تھا جو اب ان کے انجام پر زور شور سے ماتم کر رہے ہیں۔ میں یہاں مرنے والوں کی تعداد کے متعلق آپ کی تردید بھی ضرور کروں گا

جیسے ہی عوام نے صورت حال کی اصلیت کو دیکھنا شروع کیا۔ تو فسادات فوراً کم ہونا شروع ہو گئے اس وقت ایک "شہری کمیٹی" بنائی گئی۔ جس کا میں چیئرمین تھا۔ تاکہ فسادات میں مرنے والے اور نقصان اٹھانے والے لوگوں کے پس ماندگان کی امداد کی جا سکے۔ میں جگہ جگہ وزیر کی حیثیت سے نہیں بلکہ ایک شہری کی حیثیت سے گھوما اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ کہ میں بغیر پولیس کی حفاظت اور بغیر کسی پولیس افسر کے گیا۔ ہم نے پوری احتیاط کے ساتھ اموات کے متعلق شہادتیں جمع کیں اور مرنے والوں کی کل تعداد ۲۶ ہی پائی۔ ہم نے مرنے والوں کے پس ماندگان کو مناسب امداد دی اور اب ان کی مناسب طریقہ سے دیکھ بھال ہو رہی ہے۔ میں ان امدادی اقدامات کو کسی بھی طریقہ سے ہلاک شدہ انسانوں کے معاوضہ کی حیثیت سے بیان نہیں کر رہا ہوں۔ کیونکہ ایک انسانی جان کی قیمت روپیوں میں تعین نہیں کی جا سکتی لیکن میں صرف اس خیال سے ان کو لکھ رہا ہوں کہ آپ تک جو مبالغہ آمیز خبریں پہنچی ہیں ان کو آپ صحیح کر لیں۔

آپ کی یہ اطلاع بالکل غلط اور بے بنیاد ہے کہ "ہزاروں لوگوں کو تیسرے درجہ کے طریقوں کا شکار بنا کر ان کے ہاتھ پیر توڑ کر نامعلوم مقامات پر تیزی سے پہنچا دیا گیا"۔

آپ نے یہ بھی الزام لگایا ہے کہ ریاست میں ۹ اگست ۱۹۵۳ء کی وزارتی تبدیلی کے بعد لوگوں کو شہری آزادیوں سے محروم کر دیا گیا۔ یہ بات یقیناً حیرت انگیز ہے کیونکہ اس تاریخ کے بعد سے آئین اور فیاضانہ قوانین نے ریاست میں انفرادی اور اخباری آزادی کو بہت وسعت دے دی ہے اور ان کی آزادی کی گارنٹی کی ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس کے لئے مجھے معاف فرمائیں گے۔ اگر میں کچھ تفصیل سے موجودہ شہری آزادیوں اور جو ۹ اگست ۱۹۵۳ء سے پہلے تھیں۔ کے متعلق کچھ بیان کروں۔

اگست ۱۹۵۳ء سے پہلے ہماری قانونی کتاب (Statute Book) میں یہ ایکٹ شامل تھے۔ جموں کشمیر پبلک سکیورٹی ایکٹ آف سمت ۲۰۰۳ دی جے اینڈ کے ڈیفنس رولز آف ۱۹۹۶ - دی انیمی ایجنٹس آرڈیننس۔ دی ہورڈنگ اینڈ پرافیٹیرنگ آرڈیننس اینڈ فوڈ آفینس آرڈیننس وغیرہ۔ سکیورٹی ایکٹ اور ڈیفنس رولز کے تحت احتیاطی نظربندی کے لئے کل وقت کی کوئی میعاد اس وقت مقرر نہیں تھی۔ دوسرے کسی شخص کو نظربند کرنے کا اختیار ایک سب انسپکٹر پولیس کے رتبہ کے افسر کو تھا۔ تیسرے ایک غیر جانبدار جوڈیشل اتھارٹی کو نظربندوں کے کیس پر نظرثانی کرنے کا اختیار نہیں تھا اور نہ اس کے لئے کوئی دفعہ تھی۔ اب ہم نے بہت سے ایسے قوانین اور آرڈیننسوں کو منسوخ کر دیا ہے جن سے شہری آزادی پر پابندی لگتی تھی۔ اب جو احتیاطی نظربندی کا قانون ہے وہ ان بنیادی حقوق کے عین مطابق ہے جن کا اطلاق ریاست جموں و کشمیر پر ہوتا ہے۔ بلاشبہ ان اشخاص کے لئے کچھ سختی ضرور رکھی گئی ہے جو تحفظ ریاست کی وجہ سے زیر حراست ہیں یہ اس وقت تک ضروری ہے۔ جب تک ایک غیر ملکی طاقت ہماری ریاست میں تشدد اور تخریبی کارروائیاں کرانے میں دلچسپی لیتی ہو۔ اس لئے انتظامیہ کو کچھ غیر معمولی اختیارات دینا پڑتے ہیں۔ اس معاملہ میں بھی یہ اختیارات ایک خاص حد تک محدود ہیں۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں۔ کہ ایسے کیسوں کی تعداد بہت کم ہے جن میں تحفظ ریاست

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

کی وجہ سے یہ قدم اُٹھایا گیا ہو۔

میں آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ ہم پر ہندیونین کے آئین کے بنیادی حقوق کا اطلاق کر کے اور ریاست کے ہائیکورٹ اور ہندوستان کی سپریم کورٹ کو ان قوانین کے نفاذ کا اختیار دے کر کشمیر دستور ساز اسمبلی نے جمہوری حقوق کے قیام کی طرف نہایت مناسب و اہم قدم اُٹھایا ہے۔ یہ ایک نہایت دُور رس تبدیلی ہے اس سے آپ پر بھی یہ ظاہر ہو جائے گا۔ کہ جو وعدہ آپ نے کشمیری عوام سے ۵ نومبر ۱۹۵۱ء کو دستور ساز اسمبلی کی تقریر میں کیا تھا۔ اس کو ہم نے درحقیقت اگست ۱۹۵۳ء کے بعد چھ ماہ کے قلیل عرصہ میں شہری اور بنیادی آزادیوں کے ذریعہ پورا کر دیا۔

ہندوستان کی عظیم جمہوریت سے تعلق قائم کر کے آج ریاست کے عوام آزادی اور تحفظ کے پہلے فوائد حاصل کر رہے ہیں۔ میں نے یا میرے ساتھیوں نے اُن کو یہ فائدہ اُٹھانے سے نہیں روکا تھا بلکہ ان لوگوں نے روکا تھا جنہوں نے آئین کی تکمیل اور معاہدہ دہلی کے نفاذ میں ہر قدم پر رکاوٹیں پیدا کی تھیں۔ ہم نے تمام غیر مقبول قوانین کو ختم کر کے ریاست میں نارمل حالت بحال کرنے کی کوشش کی ہے اور اپنے ہم وطنوں کو اس کا موقع دیا ہے۔ کہ وہ پہلے سے زیادہ آزادی کا لطف اُٹھائیں۔ اس وقت اس بارے میں جو بھی خامیاں محسوس ہوں گی۔ اُن کو آئین کی تکمیل کے ساتھ ساتھ ٹھیک کر دیا جائے گا۔

آپ نے اپنے خط میں آئین کی تکمیل کے کام کو غیر جمہوری قرار دیا ہے۔ کیونکہ آپ کے کہنے کے مطابق "دستور ساز اسمبلی اپنی نمائندہ حیثیت کھو چکی ہے۔" آپ کے خط میں اس نظریئے کی حمایت میں مجھے صرف ایک دلیل نظر آئی ہے۔ جس کا تعلق اگست ۱۹۵۳ء کی وزارتی تبدیلی اور ایوان سے چند ممبروں کی غیر حاضری سے ہے جیسا کہ میں نے پہلے کہا تھا۔ کہ قانون سازی کے کام۔ جن میں وزارت کی تشکیل اور تبدیلی شامل ہے محض اتفاقی ہیں اور یہ آئین ساز اسمبلی کی بڑی ذمہ داری کو نبھاتے میں ضمناً آتے ہیں۔ آئین ساز اسمبلی کی اعلیٰ حیثیت ان دوسرے درجہ کے قانون سازی کے کاموں سے نہ تو ختم ہوتی ہے اور نہ اس پر ان کا کچھ اثر پڑتا ہے۔ اسمبلی کی کارروائیوں سے چند ممبروں کی غیر حاضری قانونی اور حقیقی اعتبار سے اس اسمبلی کی نمائندہ حیثیت کو تبدیل نہیں کرتی کیونکہ اس کی نمائندگی کی گارنٹی ریاست کے بالغ رائے دہندگان کے ذریعہ دی گئی ہے۔ ماضی میں آپ نے دستور ساز اسمبلی کے متعلق ذمہ دارانہ طور پر جو اعلان کیا اور اس اسمبلی کے اقتدار اعلیٰ کو چلانے والے بنیادی اصولوں کے متعلق جو کچھ آپ نے کہا۔ اُن کی روشنی میں آپ کے موجودہ نظریات کو میں نہیں مان سکتا۔ ان کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میں یہ پوچھ سکتا ہوں کہ کیا یہ غیر جمہوری ہے کہ ہم اپنے عوام کو آئین پیش کریں۔ جس کا کہ ان سے وعدہ کیا گیا تھا اور ان کے سامنے جمہوری ترقی کے لئے مواقع اور راہیں کھول دیں۔

میں نے آپ کو کچھ تفصیل سے یہ خط لکھا ہے کیونکہ مجھے اس وقت وہ ماضی کا ساتھ رہنا اور وہ روایات یاد آ رہی ہیں جن کو نیشنل کانفرنس نے ۱۹۳۱ء سے آپ کی لیڈرشپ میں ترقی دی تھی۔ آپ کو یہ یاد ہوگا کہ اس وقت ہم لوگوں کو کتنا سکون و اطمینان حاصل ہوا تھا جبکہ ہم اپنی تمام خواہشات و آرزوؤں کو "نیا کشمیر" کے پروگرام میں شامل کرنے کے قابل ہو گئے تھے۔ مخالف دھاروں کے باوجود جن سے ہماری تحریکِ آزادی کے ختم ہونے کا خطرہ تھا۔ تاریخ اسی سمت میں بڑھتی رہی جس کو اس وقت ہم نے متعین کیا تھا۔ اس لئے ہمارے اقدامات کو حالات نے جائز قرار دے دیا ہے۔ جن شکوک و شبہات کو آپ اپنے دماغ میں لا رہے تھے۔ وہ بے بنیاد ثابت ہو چکے ہیں۔ اور ہماری توقعات کے مطابق غیر یقینی ماحول اور رجحان ختم ہو چکا ہے۔ ہندوستان کے ساتھ ہمارے تعلق کے



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

کے فائدے اہم معاشی اور اقتصادی پالیسیوں پر عمل کر ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں۔ اور اس کے نتیجہ میں ریاست کے مستقل افلاس زدہ عوام میں نئی زندگی اور بیداری پیدا ہونا شروع ہو گئی ہے ریاست کے مستقبل کے بارے میں سیاسی اختلاف مردہ اور دفن ہو چکا ہے اور ہندوستان کے ساتھ ریاست کا ناقابلِ تنسیخ تعلق ایک حقیقت بن چکا ہے

اِن تمام باتوں نے ہمارے اقدامات اور پالیسیوں کو صحیح ثابت کر دیا ہے۔ ہمیں اِس کا انتہائی دُکھ ہے۔ کہ آج بھی آپ جنہوں نے ان پالیسیوں کا آغاز کیا تھا۔ اُنہی باتوں کو سوچ رہے ہیں جو کہ موجودہ صورتِ حال میں اہم تبدیلی

کے پیشِ نظر بے کار ہو چکی ہیں۔

مجھے پوری توقع ہے۔ کہ آپ پورے سکون ٹھنڈے دل سے صورتِ حال پر نظر ثانی فرمائیں گے۔ اور جو تبدیلیاں واقعات ہندوستان میں اور ہندوستان کے باہر ان تین سالوں میں ہوئے ہیں۔ ان کو مدِ نظر رکھیں گے۔ اِسی طرح آپ ریاست کی صورت حال کا غیر جانبدارانہ اور واقعاتی طریقہ سے جائزہ لے سکیں گے۔ مجھے اِس میں شک نہیں کہ آپ اِس تناسب نظر سے ہمارے متعلق اور ہماری ان پالیسیوں کے متعلق جن پر اب تک ہم عمل پیرا ہیں بہتر فیصلہ کر سکیں گے۔

امید ہے کہ آپ بخیر و عافیت ہوں گے۔

جی۔ ایم۔ صادق

# تیسرا خط

## شیخ محمد عبداللہ بنام خواجہ غلام محمد صادق

سب جیل کُد

۲۶ر ستمبر ۱۹۵۶ء

مکرمی

مجھے آپ کی چِٹھی مورخہ ۱۱ر ستمبر ۱۹۵۶ء ملی۔ جو آپ نے میرے خط مورخہ ۱۶ر اگست ۱۹۵۶ء کے جواب میں بھیجی ہے

یہ بات قابلِ افسوس ہے۔ کہ آپ نے میرے اٹھائے ہوئے سوالات کو یکسر ٹال دیا ہے۔ میں نے آپ سے خالصاً صدر آئین ساز اسمبلی اور لیجسلیچر کی حیثیت میں خط و کتابت کی تھی اور خصوصیت سے یہ واضح کیا تھا۔ کہ حکومت اور اسمبلی کے اندر آپ کی پارٹی اپنے "رائے دہندگان کا اعتماد مکمل طور پر کھو چکی ہے اور انہیں اب لوگوں کی سیاسی اور اقتصادی خواہشات اور اُمنگوں

کی نمائندگی کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں" انہیں وجوہات کی بنا پر آپ کو کوئی حق حاصل نہیں کہ آپ عوام پر ایک آئین ٹھونس دیں۔

۹ر اگست ۱۹۵۳ء اور اِس کے بعد آپ صدر آئین ساز اسمبلی بھی رہے اور لیجسلیچر کے سپیکر بھی۔ رائے دہندگان کے حقوق و مراعات کے ایک نگہبان کی حیثیت میں آپ کے فرائض اور ذمہ داریاں انتہائی نازک اور اہم تھیں۔ ہر وہ شخص جو اِس عہدے پر مامور ہوتا ہے جمہوریت کی مسلمہ روایات کے مطابق اس کی تقرری کے ساتھ ہی اس کے سارے جماعتی تعلقات ختم متصور ہوتے ہیں اور اس سے یہ توقع رکھی جاتی ہے کہ وہ پوری احتیاط سے کام لے کر اپنی غیر جانبداری اور علیحدگی کا ثبوت، اور اعتدال اور توازن کو ہر صورت میں قائم رکھے ...

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

نے ۹ راگست ۱۹۵۳ء اور اس کے بعد اپنے فرائض کی انجام
دہی اور طرزِ عمل میں اِس اُونچے معیار کو قائم رکھا یا نہیں؟
اِس سوال کا جواب دینا مشکل نہیں. بشرطیکہ آپ حقائق
و واقعات کو اِس کے پسِ منظر میں سمجھنے کے لئے
دلچسپی سے کام لیں اور اپنی ذات کو الگ رکھ کر اس پر
سوچیں"۔ جیسا کہ آپ نے مجھے مشورہ دیا ہے۔

آپ پہلے شخص تھے جس نے میری گرفتاری
کے فوراً بعد ۹ راگست ۱۹۵۳ء کے اقدام کو " موزوں،
حسبِ حال اور بروقت" قرار دیا۔ اِس کے فوراً بعد
آپ نے بمبئی اور دہلی جا کر مجھ پر یہ الزامات لگائے
کہ میں نے کشمیر کو دوسرا کوریا بنانے کے لئے کچھ غیر ملکی
طاقتوں سے سازباز کی۔ آپ نے اُس وقت یہ دھمکی
دی کہ حکومت کے پاس یہ الزامات ثابت کرنے کے
لئے ایسی شہادت موجود ہے جس کی کوئی تردید نہیں ہو
سکتی۔ ان سنگین الزامات کے بارے میں آپ کی اِس
نام نہاد شہادت کو بھی اب تین سال سے زائد کا عرصہ
گذر گیا۔ لیکن ابھی تک اِس کو دن کی روشنی دیکھنا نصیب
نہیں ہوئی اور یہ بات دلچسپی سے خالی نہیں کہ آپ کی
اِس لمبی چٹھی میں جس کا جواب میں دے رہا ہوں۔
کہیں بھی طوطے کی طرح رٹی ہوئی اِس غیر ملکی سازشی کہانی
کا ذکر تک موجود نہیں۔

آپ نے ۵ اکتوبر ۱۹۵۳ء کو اسمبلی کا اجلاس بلایا
تاکہ صدرِ ریاست کے غیر آئینی اور مطلقاً آمرانہ اقدام کو
ڈھانپا جا سکے۔ انہوں نے ۹ راگست ۱۹۵۳ء کو میری کیبنٹ
برخاست کر دی۔ اور اِس بہانے سے مجھے وزارت عظمیٰ
کے عہدے سے ہٹایا۔ کہ میں کیبنٹ کے اندر اپنے اکثر ساتھیوں
کا اعتماد کھو چکا ہوں۔ صدرِ ریاست کی اِس آمرانہ کارروائی
کی تصدیق اسمبلی سے دو مہینے بعد حاصل کر لی گئی۔ جمہوریت
کی تاریخ میں یہ اپنی قسم کا پہلا اور بے مثل واقعہ ہے۔ اگر یہ
مان لیا جائے کہ میرے چند ساتھیوں کو پالیسی میں میرے
ساتھ اختلاف تھا۔ (جس کے متعلق ۹ راگست ۱۹۵۳ء کی صبح
تک مجھے کوئی اطلاع نہیں دی گئی)۔ تو اس کے لئے انہیں
مسلمہ اصولوں اور قواعد کا سہارا لینا چاہیئے تھا۔ انہیں
اپنے عہدوں سے مستعفی ہونا چاہیئے تھا۔ اور اسمبلی کے
اندر میرے خلاف باضابطہ عدم اعتماد کرانا چاہیئے تھا اور
اگر اس قسم کی تحریک پاس ہوتی تو میں اپنے عہدے سے فوراً
مستعفی ہو جاتا۔ لیکن پارلیمنٹری جمہوریت کے ان اصولوں اور
مسلمات کو ٹھکرایا گیا اور صدرِ ریاست نے جن کو ریاستی
آئین کے مطابق کوئی ایسا قانونی اختیار حاصل ہی نہیں خود
ہی کسی قانونی اختیار کے بغیر اقدام کیا۔ اس کے بعد
بخشی غلام محمد کو وزیراعظم بنایا گیا۔ یہ کارروائی بھی غیر آئینی
اور آمرانہ تھی۔ اِس بحران کے وقت چونکہ پارٹی کی پوزیشن
معلوم ہی نہیں ہو سکتی تھی۔ اس لئے صدرِ ریاست کو بخشی
کے بارے میں یہ اندازہ ہو ہی نہیں سکتا تھا کہ اس کی
حمایت میں اسمبلی کے اندر کون لوگ ہیں اور کتنے ہیں۔
بنا بریں ان کا یہ اقدام صاف طور پر واضح کرتا ہے
کہ انہوں نے ریاست کے ایک آزاد آئینی سربراہ کی حیثیت
میں نہیں بلکہ مکمل طور پر ایک فریق کار۔ طرف دار۔ اور
حمائتی کی طرح عمل کیا۔

میری گرفتاری کے ساتھ ہی ظلم و تشدد کا جو حیوانی
دَور جاری رہا۔ اس کے اندر اسمبلی ممبران کی ایک بڑی تعداد
کو یا تو جیل بھیجا گیا یا کسی مکان میں محبوس کر دیا گیا اور
باقی جو برائے نام آزاد تھے انہیں گرفتاری اور ایذا رسانی
کی دھمکیوں سے پریشان کیا گیا۔ آہستہ آہستہ صرف ان ممبران
اسمبلی کو چھوڑ دیا گیا۔ جنہوں نے بخشی کی حمایت اور صدرِ ریاست
کی ۹ راگست ۱۹۵۳ء والی کارروائی کو حق بجانب ٹھہرانے کا
غیر مشروط طریقہ پر یقین دلایا۔ ان حالات میں بھی میں نے
آپ سے درخواست کی۔ کہ اسمبلی کے سامنے میری حاضری
کے انتظامات کر دیئے جائیں تاکہ اسمبلی کے جن خود غرض
ممبروں نے مجھ پر الزامات لگائے ہیں۔ میں اُن کا جواب



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

دے سکوں۔ میں نے اِس سلسلے میں ادھم پور نظربندی کیمپ سے ۳۰ ستمبر ۱۹۵۳ء کو آپ کے نام حسب ذیل تار بھیجا تھا۔

"معلوم ہوا ہے کہ اسمبلی کا اجلاس ۵ اکتوبر کو شروع ہونے والا ہے۔ چونکہ میرے رُتبہ اور موقف پر سوالات اُٹھائے گئے ہیں اِس لئے آپ سے حقوق و مراعات کے نگہبان کی حیثیت میں درخواست کرتا ہوں کہ اجلاس میں میری اور باقی نظربند ممبران کی حاضری کے انتظامات کئے جائیں"

اِس کے ساتھ ہی میں نے صدرِ جمہوریہ ہند اور وزیراعظم ہند کی خدمت میں حسب ذیل برقیہ بھیجا۔

"کشمیر اسمبلی کا اجلاس ۵ اکتوبر سے شروع ہو رہا ہے۔ اِس بات کا امکان ہے کہ اِس میں میری پوزیشن اور حیثیت کے بارے میں کچھ اہم امور زیر بحث لائے جائیں۔ میں نے سپیکر سے درخواست کی ہے کہ اجلاس میں میری موجودگی کے انتظامات کر دیئے جائیں۔ آپ سے بھی درخواست ہے کہ آپ اپنے مشورہ اور رہبری سے اِس بات کو ممکن بنا دیں جو امور اسمبلی میں زیر بحث آئیں گے۔ وہ آئین اور جمہوریت سے متعلق ہیں اور یہ ساری باتیں پہلے سے آپ کے محبوب مقاصد میں شامل رہی ہیں"

ایوان کے سامنے اپنی پوزیشن کی وضاحت کے لیے میری ان ساری کوششوں کا نتیجہ کچھ نہیں نکلا اور آپ نے انتہائی من مانے طریقہ سے میرے مسلمہ حق سے روگردانی کی اور اِس طرح میرے خلاف ایوان سے یک طرفہ فیصلہ کرا لیا گیا اگر آپ نے اِس وقت میری گذارش پر عمل کیا ہوتا۔ میں خوشی سے اُن سارے الزامات کا جواب دیتا جو میرے خلاف لگائے گئے۔ میں خود اِس موقعہ کے لئے کافی خواہشمند اور بے تاب تھا اور اِس کا ثبوت میرے متذکرہ بالا تاروں سے مل سکتا ہے لیکن یہ موقعہ مجھے دیا ہی نہیں گیا۔ اب آپ چاہتے ہیں کہ ان سارے واقعات کے بعد ان امور کو خط و کتابت میں زیر بحث لایا جائے۔ یہ ایک عجیب بات ہے کہ آپ کو اب اِن امور پر بحث کرنے کا خیال آیا ہے لیکن مجھے افسوس ہے کہ آپ کو میں ممنون نہیں کر سکتا اور اِس کے علاوہ ایسے امور پر آپ سے یا آپ کی سطح پر کسی دوسرے سے بحث کرنا لاحاصل ہے اور اِس سے کوئی مقصد پورا نہیں ہو سکتا۔

آپ نے ۹ اگست ۱۹۵۳ء کے واقعات اور اِس کے بعد کی غیر جمہوری اور غیر آئینی کارروائیوں کو یہ کہہ کر ٹال دینے اور پرے پھینکنے کی کوشش کی ہے کہ یہ واقعات محض ایک "وزارتی تبدیلی" تھے اور اطمینان کے ساتھ ان بنیادی امور کو نظرانداز کیا ہے جو ایک جمہوری طریق کار کا خاصہ ہوتے ہیں۔ آپ پر ازسرِنو یہ واضح کرنا مجھے بے سود معلوم ہوتا ہے کہ ایک ممبر کو یہ بنیادی حق حاصل ہوتا ہے اور اِس بات کو کافی اہمیت حاصل ہے کہ وہ ایوان میں حاضر ہو کر اپنے خیالات اور نقطۂ نگاہ کے لئے حمایت حاصل کرے۔ لیکن مطلق العنانہ انداز میں حزبِ مخالف کے سرکردہ ارکان کی جو گرفتاری عمل میں لائی گئی اور ان کو مسلسل نظربند رکھا گیا اِس کے پیش نظر یہ مشکل ہے کہ آپ کی وضاحت کسی تشفی و تسکین کی موجب بن سکے۔

آپ نے اسمبلی میں میری کی ہوئی تقریروں اور نیشنل کانفرنس کی تجویزوں سے کچھ اقتباسات پیش کیے ہیں۔ اگرچہ میرے پاس اُن کا پورا مسودہ موجود نہیں۔ تاہم میں اُن کی ذمہ داری لینے سے انکار نہیں کرتا۔ لیکن مجھے اِس بات کا پورا یقین حاصل ہے کہ ان کو اپنی اصلی صورت میں پیش کرنے کے بدلے ایک مسخ شدہ صورت میں توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے آپ کو یہ ذہن نشین کرنا چاہیئے کہ جس پس منظر میں

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

یہ تقریریں ہوئی تھیں وہ مکمل طور پر تبدیل ہو چکا ہے۔ اور یہ انتہائی ناموزوں ہوگا۔ اگر ان کو اس پس منظر سے علیحدہ رکھ کر پڑھا جائے۔

یہی وہ پس منظر تھا۔ جس کے ہوتے ہوئے مئی ۱۹۵۲ء میں نیشنل کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کا ایک خاص اجلاس طلب کیا گیا تھا۔ اس میں جو تین اہم امور بحث طلب تھے وہ یہ ہیں :-

(الف) سیاسی صورت حال۔ ہندو پاکستان کے مابین تنازعہ کشمیر کی روشنی میں۔

(ب) ریاست جموں و کشمیر کے عوام پر بنیادی حقوق کا اطلاق۔

(ج) ریاست جموں و کشمیر کو سپریم کورٹ کے دائرہ عمل میں لانا۔

(الف) کے بارے میں ورکنگ کمیٹی کافی بحث و تمحیص کے بعد متفقہ طور اس نتیجہ پر پہنچی کہ ریاست کا اندرونی استحکام اور مضبوطی تب تک ناممکن ہے جب تک حتمی طور پر ریاست کے تعلقات کا فیصلہ بین الاقوامی طور پر نہیں ہوتا۔ چنانچہ آٹھ افراد پر مشتمل ایک سب کمیٹی قائم کی گئی۔ جس کی ذمہ داری یہ لگائی گئی کہ وہ ایسے ذرایع اور طریقے تجویز کرے کہ اس مسئلے کا آبرومندانہ فیصلہ ہو سکے۔ میرے مکان پر اس کمیٹی کی کئی میٹنگیں ہوئیں۔ اور روزانہ اس کی کارروائیوں کی تصدیق کرائی جاتی رہی۔ اس سلسلے میں کمیٹی کے آخری اجلاس مورخہ ۹ جون ۱۹۵۳ء کا ایک حصہ حسب ذیل ہے :-

"مختلف میٹنگوں میں جو بحث مباحثہ ہوتا رہا۔ اس کے نتیجہ میں صرف حسب ذیل ممکن تجاویز سامنے آ چکی ہیں جو ہندو پاکستان کے مابین تنازعہ کشمیر کے آبرومندانہ اور پُرامن فیصلہ کے لئے ممکن العمل ہو سکتی ہیں

(الف) ہم جون ۱۹۵۳ء کی میٹنگ میں طے شدہ شرائط کے مطابق استصواب رائے عامہ

(ب) ساری ریاست کی خود مختاری

(ج) ساری ریاست کی خود مختاری لیکن امور خارجہ اور دفاع کا مشترکہ کنٹرول۔

(د) ڈکسن پلان۔ استصواب رائے عامہ والے علاقے کی خود مختاری کے ساتھ

بخشی صاحب اس رائے پر سختی سے قائم تھے کہ متذکرہ صدر تجویز (د) کو اس تنازعہ کے لئے ایک واحد قابل عمل۔ فائدہ مند اور آبرومندانہ حل کے طور پر پہلے رکھا جائے۔ مولانا مسعود کی یہ رائے تھی کہ ان تجاویز کی ترتیب اسی طرح سے رہنے دی جائے"

آپ نے مجھ پر یہ الزام لگایا ہے کہ مجھے "ہاتھ پیر کٹی ہوئی ایک ایسی ریاست کی خود مختاری کا شوق دامنگیر تھا جس میں کم پیش وادیٔ کشمیر ہی شامل ہو سکتی تھی"۔ مندرجہ صدر اقتباس کے پیش نظر میں اتنا ہی کہوں گا کہ آپ نے میرے ساتھ حد سے زیادہ بے انصافی کی ہے۔ آپ کی یاد تازہ کرنے کے لئے میں آپ کو آپ کے ہی نوٹ کا حوالہ دیتا ہوں۔ جس سے ظاہر ہوگا۔ کہ اس مسئلہ کے متعلق آپ کا کیا خیال تھا۔ یہ نوٹ آپ نے اپنی چٹھی کے ساتھ بھیجا ہے۔ آپ نے کہا۔ کہ :-

"یقیناً اس مسئلہ کو جمہوری طریقہ پر حل کرنے کی ایک صورت ہے اور وہ یہ ہے کہ عام استصواب رائے عامہ کی تجویز پیش کی جائے۔ ذاتی طور پر مجھے اس کی جمہوری نوعیت اور کردار پر کوئی شک نہیں۔ لیکن خاص طور جس بات پر مجھے اعتراض ہے وہ یہ کہ کونسی ایجنسی ہوگی جو استصواب رائے عامہ کی ذمہ داری لے اور اس پر نگرانی کرے۔ اگر ہندوستان۔ پاکستان۔ افغانستان۔ سوویٹ روس



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

اور جین پر مشتمل ایک ایجنسی قائم کی جا سکے
جو استصواب رائے عامہ کی نگرانی کرے
اور اس کو عمل میں لائے تو میری صلاح
یہ ہے کہ ہمیں فوراً عام رائے شماری
کا مطالبہ کرنا چاہیئے اور اگر اس میں
ناکامی ہو تو ہمیں ریاست کے اندر آزاد
اور منصفانہ رائے شماری کو یقینی بنانے کی
غرض سے سکیورٹی کونسل کے تمام غیر ملکوں
کے نمائندوں پر مشتمل ایک نگران کمیشن کی
تقرری کا مطالبہ کرنا چاہیئے"

اگر آپ کو پھر بھی پس منظر کی تبدیلی میں کوئی شک و شبہ ہو تو میں آپ کی توجہ بخشی صاحب کے اس اخباری بیان کی طرف دلاتا ہوں۔ جو اُنہوں نے اگست ۱۹۵۳ء کو وزراء اعظم کے اس مشترکہ کمیونک کے فوراً بعد دیا تھا جس کو وزراء اعظم نے اپنی ملاقات کے نتیجہ کے طور پر شائع کیا تھا۔ منجملہ دوسری باتوں کے اس کمیونک میں یہ اعلان کیا گیا تھا کہ

"عوام کی خواہشات دریافت کرنے کا سب
سے زیادہ موزوں طریقہ یہی ہے کہ غیر جانبدارانہ
اور منصفانہ طریقہ پر استصواب رائے عامہ
کرایا جائے"

بخشی صاحب نے کھلم کھلا اس بات کا اعلان کیا۔ کہ یہ فیصلہ حکومت کشمیر سے مکمل صلاح مشورہ کے بعد دیا گیا ہے۔

جہاں تک ریاست جموں و کشمیر کے عوام پر بنیادی حقوق کے اطلاق کا تعلق ہے یہ کہنا بالکل خلاف حقیقت ہے کہ ورکنگ کمیٹی کے اندر اختلافات "ریاست کے باشندوں کو اس حد تک اور اس طریقے پر بنیادی حقوق کی ضمانت دلانے کی موزونیت سے متعلق تھے جس حد تک اور جس طریقہ پر ہندوستان کی یونین کے اندر ان سے استفادہ کیا جاتا ہے اور سپریم کورٹ کو یہ حقوق نافذ العمل کرنے کے اختیارات دینے کی ضرورت سے تعلق رکھتے تھے"۔ آپ کو یاد ہوگا۔ کہ دہلی کی بات چیت میں کشمیر کے باشندوں کی سرداری تسلیم کر لی گئی تھی اور صرف یہ دیکھنا باقی تھا۔ کہ آیا بنیادی حقوق کو خواہ اُن کا دائرہ عمل اور حدود کچھ بھی ہوں ریاستی آئین میں ہی پورا شامل کیا جائے یا یونین کے آئین میں ان حقوق کا جو ایک باب موجود ہے اس کو ریاست پر حاوی قرار دیا جائے ورکنگ کمیٹی نے متفقہ طور پر پہلی صورت کو قبول کر لیا۔

سپریم کورٹ کے دائرہ عمل کی توسیع کے بارے میں مرزا محمد افضل بیگ اور ڈی۔ پی۔ در متضاد نظریوں کی نمائندگی کرتے تھے ان دونوں سے یہ کہا گیا کہ وہ دونوں اپنے اپنے خیالات پر مشتمل یادداشتیں میرے پاس بھیج دیں۔ تاکہ ماہرین کی رائے حاصل کی جا سکے۔ بیگ صاحب نے اپنا میمورنڈم تو بھیج دیا۔ لیکن بدقسمتی سے پنڈت ڈی۔ پی۔ در ایسا کرنے سے قاصر ثابت ہوئے۔

جو کچھ میں نے اوپر بیان کیا ہے اس کی روشنی میں یہ کہنا جائز نہیں کہ" ان بنیادی امور پر میرے ساتھیوں کی ایک بڑی اکثریت میرے نکتہ نظر سے اختلاف رکھتی تھی"۔ آپ نے اپنی چٹھی میں مزید یہ کہا ہے کہ" رائے کا یہ شدید اختلاف نہ صرف ورکنگ کمیٹی سے ہی ظاہر ہوتا تھا بلکہ جیسا کہ مجھے معلوم ہوا ہے آپ کی کیبنٹ میں بھی موجود تھا" میں آپ پر یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر سچائی اور حقیقت سے بعید کوئی بات نہیں ہو سکتی۔ واقعہ یہ ہے کہ سیاسی امور یا ان پر ہمارے خیالات میں کبھی بھی کوئی اختلاف موجود ہی نہ تھا۔ اور تمام ضروری خط و کتابت جو میرے دستخطوں سے مرکز کو جاتی تھی۔ پہلے اس پر بحث کی جاتی تھی اور کیبنٹ کی منظوری کے بعد بھیجی جاتی تھی۔ بلاشبہ اختلاف اس وقت ظاہر ہوا۔ جب میں نے پنڈت شیام لال صراف سے شدید قسم کی بد انتظامیوں کے لیئے استعفےٰ طلب کیا۔ یہ ممکن ہے کہ کیبنٹ کے بعض دوسرے ممبروں کو جو اپنے جرائم سے باخبر تھے۔ میرا یہ انتہائی اقدام پسند



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

اس لئے کشمیریوں کے دماغوں میں خوف کے بجائے مایوسی اور مایوسی کے بعد محرومی اور ناکامی کا احساس پیدا ہو گیا ہے اور اس بات کو میں نے اپنی حالیہ تقریروں میں بتانے کی کوشش کی ہے۔

یہ موجودہ صورت حال کی وہ تلخ حقیقتیں ہیں جنہیں کو میں چاہتا ہوں کہ ہندوستان اور کشمیر کے دوست سمجھیں اور ان پر غور کریں۔ اگر کوئی شخص ان حقیقتوں سے آنکھیں بند کرے اور پھر یہ یقین رکھے کہ حالات بالکل ٹھیک ہیں اور ان کو سدھارنے کی کوئی ضرورت نہیں تو اس سے کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔

جہاں تک نیشنل کانفرنس کے لیڈروں کا تعلق ہے ہم اپنے اصولوں پر قائم ہیں۔ عوام سے ہمارا وہ وعدہ برابر قائم ہے کہ ان کو ظلم و ستم سے نجات دلائیں گے۔ ہم سب کے حقوق خصوصاً مظلوموں کے حقوق کے علمبردار ہیں۔

دستاویز الحاق اور معاہدہ دہلی کی جو حمایت نیشنل کانفرنس نے کی تھی وہ اب بھی پابند ہے اس کے باوجود یہ حقیقت اپنی جگہ پر قائم ہے کہ موجودہ غیر یقینی حالات کو سنوارنا ضروری ہے مندرجہ ذیل باتیں صورت حال پر اثر انداز ہو رہی ہیں۔

۱:۔ کیا ہندوستان میں رائے عامہ اور بالخصوص جموں و لداخ کے لوگوں کی بڑی اکثریت الحاق کی دستاویز اور معاہدہ دہلی پر مبنی موجودہ تعلقات کو آخری اور مکمل مانے گی اور اس کو بعد میں دباؤ یا کسی اور طریقہ سے نہیں بدلوائے گی۔

۲:۔ کیا یہ تعلق بین الاقوامی حالات کے پیش نظر تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔

۳:۔ کیا ریاست کے تمام لوگ بغیر ذات اور عقیدے کے فرق کے اس تعلق سے پورا پورا فائدہ اٹھا سکیں گے۔

۴:۔ کیا اس تعلق سے یہ بات ممکن ہو جائے گی کہ جو جغرافیائی اور قدرتی دشواریاں ریاست کی معاشی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں حائل ہیں ان پر قابو پایا جائے گا

مجھے یقین ہے کہ کشمیر کی صورت حال پر غیر جانبدارانہ اور واقعیت پسندانہ طریقہ پر غور و فکر کرنے سے ہم کو مسئلہ کی صحیح نوعیت اور اس کے عملی حل کا اندازہ ہو جائے گا اور اس طرح موجودہ تکلیف دہ تعطل ختم

# مولانا مسعودی کے نام شیخ صاحب کی پہلی چٹھی

[شیخ محمد عبداللہ نے مولانا محمد سعید مسعودی کو یہ چٹھی ۶ر اگست ۱۹۵۳ء کو لکھی تھی۔ انہوں نے خواجہ غلام محمد صادق کے نام اپنی چٹھی مورخہ ۲۸ر اکتوبر ۱۹۵۶ء میں اس کا حوالہ دیا ہے۔]

سرینگر۔ ۶ر اگست ۱۹۵۲ء

محترم مولانا صاحب

آپ کا رجسٹرڈ خط مورخہ ۲۹ر جولائی مجھے ملا تھا۔ مصروفیت کے باعث میں آج تک جواب نہ دے سکا۔ ویسے جناب صوفی صاحب اور خواجہ غلام قادر نے آپ کو یہاں کے حالات سے زبانی آگاہ کیا ہوگا۔ حالات جوں کے توں ہیں۔ صادق صاحب اور بخشی صاحب کی گزشتہ تقریروں کی رپورٹیں آپ نے اخبارات میں پڑھی ہوں گی اور میری اور بیگ صاحب کی بھی تقریریں آپ کی نظروں سے گزری ہوں گی۔ ۴ر اگست کو بخشی صاحب۔ صادق صاحب۔ ڈونگرہ صاحب۔ صراف صاحب۔ بیگ صاحب اور ہلوانی میرے مکان پر ملے۔ میں نے صادق صاحب اور ڈونگرہ صاحب سے سوال کیا کہ پیش نظر اس بات کے انہیں عام طور پر کمیونسٹ خیال کا سمجھا جاتا ہے۔ ان کی رائے حالیہ سنٹرل کمیونسٹ پارٹی کی کشمیر کی تجویز کے متعلق کیا ہے کیا وہ اس کو



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

فوراً ردِعمل ہوا۔ اس ایجی ٹیشن کو پوری قوت سے چلایا گیا اور ہندوستان سے اس کو اخلاقی اور عملی امداد پوری طرح ملتی رہی یہ تحریک اس وقت شروع ہوئی جبکہ معاہدۂ دہلی بالکل تیار ہو گیا جس کی رُو سے کشمیر کو دستورِ ہند میں ایک خاص جگہ دی گئی تھی۔ اس صورت حال میں پاکستان ریڈیو اور اخبارات نے پوری طرح فائدہ اٹھایا۔ ایجی ٹیشن کے ساتھ ہی مسلمانوں کے جذبات کو ابھارنے کے لئے کچھ ہندوستانی لیڈروں کے بیانات کے حوالے بھی دیئے گئے تھے۔ ان بیانات میں یہ کہا گیا تھا کہ اگر مسلمانوں نے دستورِ ہند کو مکمل طور سے ماننے سے انکار کر دیا تو ان کو ہندوستان کے شہری ہونے کا کوئی حق نہیں رہے گا۔ اس سے ان کا مطلب ریاست جموں و کشمیر سے تھا۔ پرجا پریشد کا مُسلم دشمن اور سماج دشمن ماضی اس کی موجودہ دستورِ ہند اور جھنڈے کی محبت میں ٹھیک چھپاں نہیں ہوتا۔ جو حمایت و مدد پرجا پریشد کو ریاست کے باہر سے ملی اور جس طریقہ سے پرجا پریشد کے لیڈروں کا ہندوستان میں استقبال ہوا۔ اس سے ایک عام مسلمان کے دل میں یہ احساس پیدا ہو گیا کہ کیا پرجا پریشد اور دستورِ ہند ایک دوسرے کے بدلے ہوئے نام تو نہیں ہیں اور کیا وہ ان تمام وعدوں اور گارنٹیوں پر بھروسہ رکھ سکتا ہے کہ جن کے الفاظ کی سیاہی ابھی پوری طرح خشک نہیں ہونے پائی تھی کہ اس کو اگر منسوخ نہیں تو کم از کم زبردستی تبدیل کرنے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ اس الحاق کی ایجی ٹیشن کا ایک اثر ہوا ہے اور وہ یہ کہ اس نے ہماری پوزیشن کو مسلمانوں میں نہایت کمزور بنا دیا ہے جو کوششیں اور جدوجہد نیشنل کانفرنس گذشتہ سالوں سے ہندوستان کی حمائت کے لئے کر رہی ہے ان پر پانی پھیر دیا ہے اس سلسلہ میں میری اور یہاں تک کہ وزیراعظم ہند کی تمام اپیلوں کی کوئی پروا نہیں کی گئی۔

اس حقیقت کو پھر کہنے کی ضرورت نہیں۔ میں اس کو کئی مرتبہ دہرا چکا ہوں کہ ہندوستان کے ساتھ الحاق کے متعلق مسلمانوں کو ہی فیصلہ کرنا ہوگا نہ کہ غیر مسلم کو۔ کیونکہ پاکستان میں غیر مسلمانوں کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے اسی لئے ہندوستان کے علاوہ ان کے لئے اور کوئی چارہ نہیں۔ میری ان کوشش ہندوؤں اور سکھوں کو یہ بتانے کی نہیں ہے کہ ان کا مستقبل ہندوستان کے ساتھ بہتر رہے گا۔ کیونکہ ان کو یہ سمجھانے کی کوشش بے کار ہے بلکہ اصلی کوشش مسلمانوں کے لئے ہے جن کی یہاں اکثریت ہے اس کام میں میرے متعلق ان لوگوں کے دلوں میں کبھی غلط فہمی پیدا ہو گئی جو کہ خلوصِ نیت سے یہ چاہتے ہیں کہ کشمیر ہندوستان کا ایک حصہ رہے۔ مجھے وہ موقعہ بھی یاد ہے جبکہ میں نے مسلمانوں کے جائز مطالبات کو پورا کروانے اور ان کے دماغوں میں ان کے مستقبل کے بارے میں یقین پیدا کرنے کی کوشش کی تھی۔ اس وقت میرے دوستوں نے مجھ پر فرقہ پرست اور نمک حرام ہونے کا الزام لگایا تھا۔ جو وہ مجھ سے کروانا چاہتے ہیں اس کو پورا کرنا بہت مشکل ہے سوال یہ ہے کہ کیا مجھے اکثریتی فرقہ کی حمایت اور مدد حاصل کرنی چاہیئے یا نہیں۔ اگر حاصل کرنی چاہیئے تو پھر یہ ضروری ہے کہ جس طرح ایک غیر مسلم کو ہندوستان میں اپنے مستقبل کے بارے میں سکون و اطمینان ہے اسی حد تک مسلمانوں کے دماغوں میں بھی یہ اطمینان پیدا کرنا میرے لئے ضروری ہے۔ بدقسمتی سے علاوہ ان تباہ کن اثرات کے جو موجودہ بڑھتے ہوئے خوف اور بے اطمینانی کے دوران جموں میں الحاق کی موافقت میں چلائی گئی ایجی ٹیشن سے کشمیر میں پیدا ہو گئے تھے کشمیر کے مسلم متوسط طبقہ کو یہ دیکھ کر بہت زیادہ فکر و پریشانی ہو رہی ہے۔ کہ ہندوستان کے ساتھ ریاست کے موجودہ تعلق نے ہندو اور سکھ بھائیوں کے لئے تو ترقی کی نئی نئی راہیں کھول دی ہیں مگر ان کی حالت وہی کنوئیں میں مینڈک کی طرح ہے۔ ہماری پالیسی پر اعتراض کرنے والوں نے اس حقیقت کو خوب بڑھا چڑھا کر پیش کیا ہے کہ بیچارہ ملازمتوں مثلاً دفاع اور محکمہ ڈاک و تار میں مسلمانوں کی نمائندگی بجائے بڑھنے کے اور گھٹ گئی ہے۔ کشمیر میں مسلمانوں کا اعلیٰ طبقہ ہندوستان میں یقینی اور ٹھوس اقدام دیکھنا چاہتا ہے

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

نہ آیا ہو۔

آپ کی حکومت نے ہزاروں کشمیریوں کے ساتھ جو غیر انسانی سلوک روا رکھا ہے۔ اس سلسلے میں آپ نے میرے الزامات سے انکار کیا ہے اور آپ کہتے ہیں۔ کہ یہ الزامات "درحقیقت کوئی بنیاد ہی نہیں رکھتے"۔ یہ مشکل ہے کہ میں آپ سے کسی بہتر جواب کی امید رکھوں۔ گذشتہ تین سال کے واقعات شاہد ہیں کہ آپ نے اپنے طرز عمل اور قول و فعل سے اپنے آپ کو ان افراد کے ساتھ مکمل طور پر ملا دیا ہے جو ۹ر اگست ۱۹۵۳ء کی سازش کے ذمہ دار ہیں۔ ان حالات میں یہ کیسے ممکن ہے کہ آپ کو ایک غیر جانبدار شہری اور سب سے الگ ایک مبصر تصور کیا جائے۔ آپ نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ شہریوں کی کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت میں آپ نے "پورے غور و خوض اور تحقیق کے ساتھ مارے ہوئے افراد کے بارے میں شہادتیں جمع کیں۔ اور ان کی کل تعداد چھیالیس پائی گئی"۔ یہ ناممکن ہے کہ آپ کا یہ دعویٰ کسی کو مطمئن کر سکے۔ آپ کو شاید یاد ہوگا کہ اگست ۱۹۵۳ء میں جو لوگ گولیوں سے مارے گئے ان کی تعداد بخشی صاحب نے پہلے صرف تین بتائی۔ پھر ۱۹۵۵ء میں ان کی تعداد دس بتائی گئی۔ پھر اس کے کچھ عرصہ بعد یہ تعداد چھتیس تک بڑھ گئی اور اب آپ چھیالیس بتا رہے ہیں۔ ہر وقت متعلقہ حکام یہ دعوے کرتے رہے کہ اعداد و شمار پورے غور و خوض اور تحقیق کے ساتھ جمع کئے گئے۔ مجھے یہ کہنے کے لئے معاف کیا جائے کہ اعداد و شمار میں مسلسل جو اُتار چڑھاؤ اور لچک پیدا کی گئی ہے اس سے آپ کی چٹھی میں درج دوسری باتوں کی بھی تردید و تکذیب ہوتی ہے۔ میں نے اپنے پچھلے خط میں محض ضمنی طور پر آپ کی توجہ اس بات کی طرف دلائی تھی۔ کہ "بندوق اور گولی بارود کے اندھا دھند اور وحشیانہ استعمال کے نتیجہ میں کافی قتل و غارت ہوئی ہے"۔ ۴۶ معصوم جانوں کا اس طرح ضائع ہو جانا آپ کے نزدیک زیادہ نہ ہو لیکن یہ کہنے سے میرے ادعا کی عجیب طریقہ پر تردید کی گئی ہے۔

آپ نے ان انسانی جانوں کی قتل و غارت کو یوں کہہ کر ٹرخانے کی کوشش کی ہے کہ یہ سب کچھ اس نام نہاد "جذباتی ہیجان۔ اضطراب اور دیوانگی" کا نتیجہ تھا۔ جس کو میرے چند ساتھیوں نے کئی مہینوں سے اُبھارا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے کافی دکھ ہوا۔ یہ طرز استدلال ہو بہو اس طرح کا ہے جس طرح برٹش حکومت اور مہاراجہ ہری سنگھ کی حکومت اپنے جبر و تشدد اور ظلم و جور کا جواز پیش کرتے ہوئے کرتی تھی۔

آپ مجھے یقین دلانا چاہتے ہیں کہ "آپ نے کہیں بھی اور کسی موقعہ پر بھی انڈین آرمی کے جوانوں کو فسادات کے لئے استعمال ہوتے ہوئے نہیں دیکھا"۔ میں آپ سے یہ نہیں پوچھ سکتا کہ آپ انہیں کیوں نہ دیکھ سکے لیکن میرے لئے یہ مشکل ہے کہ میں اپنی آنکھوں پر بھی اعتبار نہ کروں۔ مجھے جب گرفتار کر لیا گیا تو بادامی باغ چھاؤنی سے اودھم پور نظربندی کیمپ تک میرے ساتھ پورے طور پر مسلح ہندوستانی فوج کا ایک بھاری دستہ تھا۔

انڈین آرمی نے ۹ر اگست ۱۹۵۳ء کے انقلاب میں کیا رول ادا کیا۔ اس کی اطلاع کے لئے میں ذیل میں ایک سرکردہ غیر ملکی وزیٹر کا بیان پیش کرتا ہوں۔ یہ بیان لارڈ برڈوڈ کی تصنیف "دو قومیں اور کشمیر" سے لیا گیا ہے۔ لارڈ موصوف ۱۹۵۵ء میں سرکاری مہمان کی حیثیت میں کشمیر آئے۔ کتاب کے صفحہ نمبر ۱۶۲ پر آپ لکھتے ہیں:۔

"آرمی کی رخصت روک دی گئی تھی اور جوانوں کو خبردار اور چوکس رہنے کی ہدایت ملی تھی۔ سرینگر کے بازاروں میں ۹ر اگست کی صبح سے ہی ٹینک دکھائی دیئے اور علاقہ کے مختلف نمایاں اور مرکزی مقامات پر گورکھا بٹالین کو مامور کیا گیا تھا۔ گورکھا جوانوں کی ایک جماعت لائیڈز بنک پر آئی تاکہ بنک کو اپنی حفاظت میں لے حالانکہ بنک کے مینیجر نے



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

اِس قسم کی کارروائی کے لیئے کسی سے کہا تک نہ تھا۔ منیجر نے ان سے کہا کہ وہ یہاں سے چلے جائیں"

آپ نے میرے اس دعوے پر اظہار تعجب کیا ہے کہ "شہری آزادیاں دفنا دی گئی ہیں۔ جائز سیاسی سرگرمیاں ختم کر دی گئی ہیں۔ عوام کا قافیہ حیات تنگ کر دیا گیا ہے اور ان کی زندگی مفلوج بنا دی گئی ہے"۔ آپ نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ "اگست ۱۹۵۳ء کے بعد انفرادی آزادی اور اخبارات وغیرہ کی آزادی کا دائرہ کافی حد تک بڑھا دیا گیا ہے اور آئین و نرم قوانین کے ذریعہ اس کی ضمانت دلائی گئی ہے" قبل اِس کے کہ آپ ان کارناموں پر اپنے آپ کو مبارکباد دیں۔ ذرا آپ اپنے دوستوں اور حامیوں کے خیالات بھی سن لیجئے وہ آپ کے اِس دعویٰ کے متعلق کیا رائے رکھتے ہیں۔ شری اشوک مہتہ نے جو ہندوستان کی رائے عامہ کے ایک رہنما ہیں اور انڈین پارلیمنٹ کے ایک ممتاز رکن بھی۔ کشمیر کے اندر شہری آزادیوں کی مکمل عدم موجودگی پر رائے زنی کرتے ہوئے لوک سبھا میں فرمایا کہ "کشمیر کی روح کچل دی گئی ہے اور اس کا گلا گھونٹا گیا ہے" آپ کی حکومت نے کشمیر کے گذشتہ میونسپل انتخابات میں جو دھما چوکڑی مچائی اور جن شدید بے قاعدگیوں اور بدعملیوں کا مظاہرہ کیا ان کا حوالہ دیتے ہوئے اِنڈین پارلیمنٹ کے ایک دوسرے سرکردہ رکن مسٹر کامتھ نے لوک سبھا میں کہا کہ "کشمیر کے اندر جمہوریت کا نام و نشان تک مٹا دیا گیا ہے"

ڈاکٹر لچھمن ایف۔ آر۔ سی۔ ایس۔ کشمیر ہائیکورٹ کے ایک سرکردہ ایڈوکیٹ اور بار ایسوسی ایشن کے صدر شری ایچ۔ این۔ ور۔ صدرِ ریاست کے ذاتی مشیر قانون اور سرینگر کے ایک ممتاز ایڈوکیٹ پنڈت جے۔ این بٹ۔ سرینگر کے ایک مشہور تاجر شری پی۔ این بخشی اور نشاط پریس کے مالک شری بی۔ این کول یہ سب سرینگر کے گذشتہ میونسپل انتخابات میں آزاد اُمیدواروں کی حیثیت میں کھڑے ہوئے تھے۔ انہوں نے حسب ذیل تار حکومت ہند کے وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کو بھیجے :۔

"ہم آزاد قوم پرستوں کی طرح میونسپل انتخابات لڑ رہے تھے رائے اندازی سے پہلے نیشنل کانفرنس کی طرف سے ووٹروں پر ہر قسم کا دباؤ ڈالا جاتا رہا اور آج نیشنل کانفرنس نے بدترین قسم کی بدعملیوں اور بے قاعدگیوں کا ثبوت دیا سخت تشدد اور غنڈہ گردی سے کام لیا گیا جس کی امداد پیس بریگیڈ کے آدمی اور کچھ سرکاری ملازم بھی کر رہے تھے ہم میں سے کئی شدید طور پر زخمی ہوئے۔ امیدواروں، ان کے ایجنٹوں اور حتےٰ کہ سرکاری ملازموں پر بھی دست درازی کی گئی اور ان سے بُرا سلوک کیا گیا۔ پولیس اور عدالت ہماری کوئی بچاؤ نہ کر سکی۔ لہذا ہم مجبور ہوئے کہ رائے اندازی سے ہی دست بردار ہو جائیں اور بائیکاٹ کریں۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ ایک کمیشن کی تقرری عمل میں لا کر اس کی کھلی تحقیقات کرائی جائے"۔

اتفاق کی بات ہے کہ الیکشن بورڈ کے چیئرمین کی حیثیت بھی ان انتخابات کی ذمہ داری آپ پر تھی۔

اس قسم کی بد انتظامیاں اور بدعملیاں آپ کی حکومت سے جموں میونسپل انتخابات میں بھی ظاہر ہوئی تھیں اور صوبہ کی ساری مخالف پارٹیوں نے اس کا رونا رویا ہے آپ کی حکومت اور برسر اقتدار پارٹی نے جس طرح ان انتخابات کو چلایا۔ مجھے یقین ہے کہ ان پر ہندوستانی اخبارات اور مقامی اخبارات کی تنقید آپ کی نظروں سے ضرور گذری ہوگی۔ آپ نے اپنی چٹھی میں جو یہ دعویٰ کیا ہے کہ "اگست ۱۹۵۳ء سے انفرادی آزادی کا دائرہ کافی حد تک بڑھا دیا گیا ہے" اس پر بلاشبہ یہ ایک افسوسناک اور مایوس کن تنقید ہے۔



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

آپ تو اس حقیقت سے واقف ہیں کہ کوئی بھی ایسا اخبار جو کشمیر کی موجودہ حکومت کی پالیسیوں کی نکتہ چینی کرتا ہو۔ ہم تک نہیں پہنچنے دیا جاتا۔ اس کے علاوہ اس قسم کے اخبارات کا یا تو گلا گھونٹ دیا گیا ہے یا ان کے راستے میں اس قدر شدید اور سخت قسم کی پابندیاں اور رکاوٹیں کھڑی کی گئی ہیں کہ ان کو اخبارات کی اشاعت ہی بند کرنا پڑی۔ ہندوستان سے صرف ایسے اخبارات کو آنے دیا جاتا ہے جو کشمیر کی موجودہ حکومت کی حمائت کرتے ہیں اور باقی اخبارات کا عموماً داخلہ ہی بند کیا جاتا ہے اس صورت حال میں مجھے اخبارات سے جو محدود قسم کا تعلق رہ سکا ہے اس کے ہوتے ہوئے بھی میرے نوٹس میں آپ کی حکومت کے خلاف چند ایسے شدید الزامات آئے ہیں جو بعض ایسے اخبارات میں شائع ہوئے ہیں جن کو میرے پاس بھیجا جاتا ہے۔ سرینگر کے روزنامہ "مارتنڈ" نے اپنے اداریہ زیر عنوان "جمہوریت کے نگہبان کے نام" میں لکھا ہے:۔

"ریاست کے تازہ انتخابات نے عوام کی آنکھیں کھول دی ہیں اور انہیں اب اس دعوے کی سچائی پر شبہ ہوتا جا رہا ہے کہ حکومت جمہوریت کی علمبردار ہے اب تو یہ بات زبان زد عام ہو چکی ہے کہ سرینگر کے میونسپل انتخابات غیر جانبدارانہ اور منصفانہ طریقے پر نہیں ہوئے۔ رائے دہندگان کو خوف زدہ کیا گیا۔ فرضی اور جعلی ووٹ کھلم کھلا اور آزادی کے ساتھ ڈلوائے گئے۔ رائے دہندگان کو بیدردی سے پیٹا گیا اور ان پر سخت قسم کی دست درازی کی گئی۔ کئی آدمی شدید طور پر زخمی ہوئے حتےٰ کہ مخالف اخبارات بھی اس دست برد اور مار پیٹ سے محفوظ نہ رہ سکے بلکہ انہیں سخت قسم کی اذیت پہنچائی گئی اور خوف زدہ کیا گیا۔ اخبارات کے نمائیندوں کو بھی بے رحمی سے پیٹا گیا"

آخر میں یہ اخبار لکھتا ہے:۔

"اب تو دنیا اس حقیقت سے مکمل طور پر باخبر ہو چکی ہے کہ حکومت کا یہ دعویٰ کہ وہ حقوق شہریت اور جمہوریت کی نگہبان ہے بالکل بے بنیاد اور لغو ہے"

یہی اخبار اپنے ۲ فروری ۱۹۵۶ء کے اداریہ میں نیشنل کانفرنس کارکنوں کے ہاتھوں اپنے ایڈیٹر کی شدید مار پیٹ کا ذکر کرتے ہوئے آخر میں لکھتا ہے۔ "یہ واقعہ اس لئے بیان کیا گیا ہے تاکہ اخبار نویسوں کا جسم و جان اور عزت جو اب خطرے میں پڑ گئی ہے اس کی طرف توجہ کیا جائے۔ اخبارات کے لئے یہ ضروری نہیں کہ وہ ہمیشہ گورنمنٹ کی حمایت کریں اور نہ ہی حکومت کے لئے یہ جائز ہے کہ اگر اخبارات اس کی نکتہ چینی کریں تو ان کے خلاف وہ تشدد پسندانہ ہتھکنڈوں کا سہارا لے"۔

جموں کا ہفتہ وار اخبار "سچ" ۱۶ مارچ ۱۹۵۶ء کے اداریہ میں جموں نواسیوں سے اپیل کرتا ہے۔ کہ وہ "برسر اقتدار پارٹی کے فسطائی ہتھکنڈوں سے" جمہوریت کو بچائیں

ایک اور اخبار "کشمیر" جسے غالباً حکومت کی سرپرستی حاصل ہے ۱۰ فروری ۱۹۵۶ء کے اداریہ میں لکھتا ہے:۔

"تنظیم (نیشنل کانفرنس) کی وحشت پسندی اور بدنظمی کا اندازہ اس ایک واقعہ سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ انتخابات کے دن بھی اس تنظیم کے چند غنڈے پولنگ بوتھوں پر انتہائی بدسلوکی سے پیش آئے انہوں نے ایڈیٹر "مارتنڈ" کو پیٹ کر ایک نامناسب اور ناجائز حرکت کا ارتکاب کیا۔ اس قسم کی حرکتیں جمہوریت کی نشوونما میں

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

مدد نہیں دے سکتیں ....... جمہوریت
کا تقاضا تو یہ ہے کہ سیاسی مخالفوں کا
مقابلہ ڈنڈے اور تشدد سے نہ کیا جائے
بلکہ سیاسی طریقوں اور ذرائع سے کام لیا جائے"

میں نے دانستہ اس غیر انسانی سلوک کا ذکر یہاں نہیں کیا ہے جو آپ کی حکومت اور برسر اقتدار پارٹی میرے ہمدردوں۔ محاذ رائے شماری اور پولیٹیکل کانفرنس کے کارکنوں اور لیڈروں سے شب و روز کرتی رہتی ہے اور اس کی بجائے میں نے انہی افراد اور اخبارات پر اکتفا کیا ہے۔ جنہیں تخیل کی کسی کھینچا تانی سے بھی میرے طرف داروں میں شمار نہیں کیا جا سکتا۔ ان مشاہدات کی روشنی میں آپ کا یہ دعویٰ کہ " آج ریاستی عوام ہندوستان کی عظیم جمہوریت سے اپنی وابستگی کے نتیجہ میں جمہوریت کے فوائد سے لطف اندوز ہو رہے ہیں"۔ ایک ایسا لمبا چوڑا دعویٰ ہے جس کا حقیقت سے کوئی واسطہ ہی نہیں ہو سکتا۔

جن بنیادی حقوق کے متعلق آپ نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ یہ عوام کو دیئے گئے ہیں ایپلی کیشن آرڈر ۱۹۵۴ء (Application Order 1954) کا بعض دفعات کے مطابق ان کی مکمل طور پر نفی کر دی گئی ہے بنابریں میں آپ کی ہی چٹھی کے ایک حصہ کا یہاں حوالہ دیتا ہوں جو اس صورت حال پر پورے طور پر منطبق ہوتا ہے۔

" محض ادبی اور علمی فضاء میں حریت اور آزادی اور عوام کے حقوق شہریت کی باتیں کرنا ایک بات ہے اور ان حقوق کو عملاً عطا کرنے سے پیدا ہونے والے حالات کا سامنا کرنا بالکل مختلف بات ہے"

آپ نے مجھ سے پوچھا ہے کہ " اگر عوام کو ایک آئین دیا جائے جس کا انہیں وعدہ دیا گیا ہے اور جس کی رو سے انہیں جمہورانہ ہیئت تنظیمی کے بڑے بڑے مواقع حاصل ہو سکتے ہیں تو کیا یہ غیر جمہورانہ ہے" اس سلسلے میں میرا جواب یہ ہے کہ آپ کی حکومت اور اسمبلی کے اندر آپ کی پارٹی نے ۹ راگست ۱۹۵۳ء کی سازش اور اس کے بعد کی کاروائیوں کے نتیجہ میں رائے دہندگان کا اعتماد کھو ڈالا ہے اور وہ ملک کے لئے کوئی آئین کی تشکیل کر ہی نہیں سکتے۔ واقعہ یہی ہے کہ آپ سب نے اپنے آپ کو جمہوریت کے محافظ نہیں جمہوریت کے قاتل ثابت کر دکھایا ہے اگر اس کے باوجود آپ اپنے ارادوں پر مصر ہیں تو آپ کے لئے واحد جمہوری طریقہ یہی ہے کہ آپ اسمبلی سے مستعفی ہو جائیں اور ایک مکمل آزاد فضاء میں ایک غیر جانبدار انتظام کے تحت از سر نو رائے دہندگان سے اعتماد کا ووٹ حاصل کریں اور اس طرح دنیا کو اپنی نمائندہ حیثیت کا ثبوت دیں کیا آپ ایسا کریں گے؟

آپ کا مخلص
شیخ محمد عبداللہ

# چوتھا خط

## خواجہ غلام محمد صادق بنام شیخ محمد عبداللہ

سرینگر۔ ۲۲ / اکتوبر ۱۹۵۶ء

مائی ڈیر شیخ صاحب۔

آپ کا ۲۶ / ستمبر ۱۹۵۶ء کا خط مجھے ملا۔ اس خط میں آپ نے تقریباً اپنے ۱۶ / اگست کے خط کی باتوں کو ہی

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

تفصیل سے دہرایا ہے اس خط کے جواب میں مَیں نے صورت حال کی اصلیت کی تشریح کرنے اور آپ کے سامنے حقایق کو صحیح زاویہ میں رکھنے کی کوشش کی تھی۔ مگر مجھے یہ دیکھ کر دُکھ اور افسوس ہُوا کہ آپ نے اس حالیہ مراسلے میں بھی حالت کا صحیح اندازہ لگانے کی کوشش نہیں کی۔

چونکہ میں نے اپنے ۱۱ ستمبر ۱۹۵۲ء والے خط میں اصل مسئلہ پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے اس لئے اب اس میں مزید اضافہ کی ضرورت نہیں۔ اگست ۱۹۵۳ء سے پہلے اور بعد جاہے جو کچھ بھی ہوا ہو مگر آئین ساز اسمبلی کے آئین بنانے کے حق اور اہلیت پر اِس کا کوئی اثر نہیں پڑا بلکہ یہ جمہوریت کے اصولوں کے خلاف ہوگا۔ کہ اِن غیر متعلق باتوں کو اسمبلی کی اعلےٰ حیثیت پر اثر انداز ہونے دیا جائے بہر حال یہ بات اہم ضروری ہے کہ جب مسودہ آئین پر غور کیا جائے تو ہر خیال کے ممبروں کو اسمبلی کی کارروائیوں میں شریک ہونے کا موقع فراہم کیا جائے۔ یہ بات کسی ایک فرد یا چند افراد کی زبان سے اچھی نہیں معلوم ہوتی کہ وہ من مانے طریقے سے اسمبلی کی نمائندہ حیثیت کو ہی تسلیم کرنے سے انکار کر [illegible] جبکہ اس اسمبلی کو حمران کی بڑی اک[illegible] [illegible]ت حاصل ہے۔

[illegible] [illegible]مبلی کے اختیارات اور فرائض کو حکومت [illegible]ون ساز اسمبلی کے کاموں سے نہ الجھنا چاہیئے۔ دستور [illegible] ہو جانے کے بعد آنے والے انتخابات میں ہر فرد اور پارٹی کو اِس بات کا موقع فراہم ہوگا۔ کہ وہ حکومت کی پالیسیوں کی مقبولیت اور غیر مقبولیت پر چناؤ لڑیں۔ یہ انتخابات ملک کے قوانین کے تحت کیئے جائیں گے اور اِس کے غیر جانبدار اور آزاد ہونے کی گارنٹی آئین میں دی جائے گی۔

آپ نے فرمایا ہے کہ یہ انتخابات غیر جانبدار ایجنسی کے تحت کرائے جائیں۔ کیا میرا یہ اندازہ غلط ہوگا کہ آپ کی ۰ مداخلت کا راستہ صاف کیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایسی بات میں نے کبھی نہیں سُنی کہ کسی ملک کی اسمبلی کے انتخابات

لے اس تجویز کے پیچھے یہی جذبہ کارفرما ہے کہ ہمارے اندرونی معاملات میں چور دروازے سے غیر ملکی ۰

غیر ملک کی نگرانی میں کرا کر اس ملک یا ریاست سے اِس کا اقتدار اعلےٰ چھین لیا جائے ایسا کسی ملک میں نہیں ہُوا اور ہمارا بھی یہ قطعاً ارادہ نہیں ہے کہ اپنی ریاست میں یہ عجیب و غریب طریقہ اختیار کر کے دوسروں کے سامنے اِس قسم کی مثال پیش کریں۔

اِس سلسلہ میں مَیں نے آپ کے پچھلے بیانات کے چند اقتباسات کا حوالہ دیا ہے جو کہ آئین ساز اسمبلی کی نمائندہ حیثیت اور اِس کے فرائض کے بارے میں ہیں۔ آپ نے کہا ہے کہ مَیں نے ان کو اصل بیانات سے کاٹ چھانٹ کر لکھا ہے آپ کے یہ بیانات اب عوام کی ملکیت ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ ان کو جو شخص بھی پڑھے گا وہ اِس سے متفق ہوگا کہ میں نے نہ صرف ان بیانات کی اصلیت کو برقرار رکھا ہے بلکہ آپ کے خیالات کو بھی اُن کے ایک دم بدلنے سے پہلے اِسی پیرایہ میں پیش کیا ہے

آپ نے یہ بھی تحریر کیا ہے کہ آپ کو اب ان خیالات کے لیئے ذمہ دار ٹھہرانا غیر مناسب ہے کیونکہ ہندوستان سے ہمارے تعلقات کی بنیاد اور پس منظر اب تبدیل ہو گیا ہے میں مانتا ہُوں کہ ۹ اگست ۱۹۵۳ء کو جو واقعات ہوئے ان سے یہ تبدیلی نہیں ہوئی بلکہ یہ تبدیلی ۹ اگست ۱۹۵۳ء سے پہلے ہی آپ کے دماغ میں ہو گئی تھی۔ جیسا کہ میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ ۹ اگست ۱۹۵۳ء کی حکومت کی تبدیلی ان باتوں اور حالات کا لازمی نتیجہ تھی جو آپ نے نیشنل کانفرنس کے اپنے ساتھی ممبروں۔ کارکنوں اور ریاست کے لوگوں کی اکثریت کے خیالات کو ٹھکرا کر پیدا کئے تھے۔

کچھ بنیادی مسئلے جو ورکنگ کمیٹی کے سامنے غور و خوض کے لئے رکھے گئے تھے ان کے بارے میں جو اختلافات آپ کے اور نیشنل کانفرنس کے ممبروں کی اکثریت کے درمیان پیدا ہوئے تھے ان کو آپ نے لاپرواہی سے ٹال دیا ہے مجھے یہ پڑھ کر حیرت ہوئی کہ آپ نے تقریباً ان اختلافات کی بنیادی نوعیت سے انکار کر دیا ہے میں نے اپنے مراسلہ میں ۱۰ اگست ۱۹۵۳ء



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

کے پہلے کے واقعات کی صرف خاص خاص باتوں ہی کا تذکرہ کیا ہے۔ میرا یہ خیال تھا کہ چونکہ یہ واقعات ماضی قریب ہی میں رونما ہوئے ہیں اس لئے میرے لئے یہ ضروری نہیں کہ ان کی پوری تفصیل بیان کر کے آپ کو تکلیف دوں" مگر اب میں اس کے لئے مجبور ہو گیا ہوں کہ ان پر پورے طور سے خیالات کا اظہار کروں چاہے مجھے پچھلے واقعات کو دہرانے کی زحمت ہی کیوں نہ ہو۔

ریاست کے آئین کے مسودہ کے بنیادی مسئلوں کے متعلق آخری فیصلہ کرنے کے لئے ورکنگ کمیٹی کی میٹنگ کی گئی تھی۔ درحقیقت کئی روز تک ہم لوگ صرف ان مسئلوں ہی پر غور کرتے رہے اور اختلافات اس وقت ظاہر ہوئے جب دستور ہند کے بنیادی حقوق کے باب اور سپریم کورٹ کے اختیارات کو ریاست میں منطبق کرنے کا سوال پیدا ہوا سوال صرف یہی نہیں تھا کہ آیا ہم دستور ہند کے بنیادی حقوق کے باب کو ان تبدیلیوں اور ترمیموں کے ساتھ یہاں منطبق کریں جن سے یہاں کے اصل باشندوں کے حقوق محفوظ رہیں بلکہ یہ بھی سوال تھے کہ یہاں کے جائیداد کے قانون بھی باضابطہ رہیں اور آیا ان بنیادی حقوق کے باب کو ہم اپنے دستور میں ویسے ہی نقل کریں یا نہیں۔

بجائے اس بات کے کہ ہم معاہدۂ دہلی جس کی گفت و شنید آپ نے ہم لوگوں کی جانب سے کی تھی میں کئے گئے وعدوں پر ایماندارانہ طور سے عمل کرنے کے لئے پابند تھے۔ اس مسئلہ پر جو اختلافات تھے وہ اتنے معمولی نہیں تھے جتنا کہ آپ نے ظاہر کرنے کی کوشش کی ہے بلکہ وہ اختلافات بنیادی تھے اور یہ ہندوستانی فیڈریشن جس میں ریاست کی ایک خاص پوزیشن تھی کی اصل خصوصیت کو ہی ختم کر دیتے۔ کسی آئین میں اس بات کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا کہ ایک وفاقی یونٹ یونین کے آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق سے مختلف یا ان کے خلاف اپنے لئے الگ حقوق بنائے ہاں ایک وفاقی یونٹ کو اس بات کا اختیار دیا گیا ہے کہ وہ یونین کے آئین میں دیئے گئے بنیادی حقوق کے علاوہ کچھ اور حقوق اپنے لئے بنائے لیکن یہ حقوق بھی یونین کے آئین کے مطابق ہونے چاہئیں۔ اس سچائی کی راہ میں جیسے آئین کی تاریخ کا ہر طالب علم جانتا ہے ایک زبردست رکاوٹ ڈالی جا رہی تھی۔ اس سے جو نتیجہ اخذ کیا گیا تھا وہ ظاہر ہے یعنی یہ کہ نیشنل کانفرنس کے کچھ لیڈر بہت صفائی اور چالاکی اور ساتھ ہی کٹرپن کے ساتھ ریاست میں علیحدگی کی ذہنیت پیدا کر رہے تھے۔ سپریم کورٹ کے اختیارات کو ریاست میں ماننے کے بارے میں آپ کی پوزیشن بذاتِ خود غیر مستحکم اور غیر یقینی تھی۔

اس بارے میں آپ نے پھر اس بات کو تحریر کیا ہے کہ مسٹر ڈی۔پی۔ در نے مسٹر ایم۔اے بیگ کے دلائل کے خلاف آپ کو کوئی نوٹ نہیں دیا۔ اس بحث میں مسٹر بیگ ریاست کے معاملات میں سپریم کورٹ کے اختیارات کو بالکل ختم کرنا چاہتے تھے۔ یہ صحیح ہے کہ مسٹر ڈی۔پی۔ در اور مسٹر بیگ کو ورکنگ کمیٹی کے سامنے اس بارے میں اپنے اپنے نوٹ پیش کرنے کے لئے کہا گیا تھا۔ مگر اس فیصلہ کے فوراً ہی بعد ایک دوسرا فیصلہ کیا گیا تھا جس میں تمام معاملہ کو ایک سب کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا تھا۔ جس میں ورکنگ کمیٹی کے قانون دان ممبران شامل تھے۔ میں پہلے ہی آپ کو بتا چکا ہوں کہ اس کمیٹی کے کام کو کس طرح آپ نے اس کی پہلی اور آخری میٹنگ میں ایک دم شریک ہو کر اور یہ کہہ کر ختم کر دیا تھا کہ "سپریم کورٹ کے اختیارات اور بنیادی حقوق کے منطبق ہونے کے سوال پر بحث کرنا نہ صرف غیر ضروری بلکہ غیر حقیقی بھی ہے"۔ یہ آپ نے اس واسطے کہا تھا کہ آپ ہندوستان سے تعلقات کی بنیاد ہی پر یقین نہیں رکھتے تھے۔

اس کے بعد مجوزہ دستور کے لئے مختلف اصولوں کو طے کرنے کا تمام معاملہ کھٹائی میں ڈال دیا گیا تھا۔ اور اس کی بجائے ریاست جموں و کشمیر کے مستقبل اور اس کے انضمام

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

کی مختلف تجاویز پر بحث و مباحثہ ہوتا رہا۔ کئی روز تک آپ یہی دلیل پیش کرتے رہے کہ ریاست جموں و کشمیر کو اس طرح بانٹا جائے کہ جموں کا علاقہ ہندوستان میں ملا دیا جائے اور پونچھ۔ مظفرآباد اور سرحدی علاقوں کو مغربی پاکستان کا حصہ بنا دیا جائے اور وادی کشمیر کو ایک آزاد ریاست بنا دیا جائے ہم نے آپ کو مطلع کیا تھا کہ یہ راہِ عمل نہ صرف ناممکن العمل ہے بلکہ یہ ریاست کے لوگوں کے لئے بھی تباہ کن ثابت ہوگی۔ ہم نے یہ بھی محسوس کیا تھا کہ آپ کی رائے کے برخلاف وادی کشمیر کی آزادی ہندوستان اور پاکستان کے درمیان معاملات کو طے کرنے میں مدد نہیں دے گی۔ بلکہ ایک دوسرے کو اور زیادہ دور کر دے گی۔ اور اس طرح وادیٔ کشمیر بین الاقوامی سازشوں کا اڈہ بن جائے گی اور دونوں ملکوں کی سلامتی اور تحفظ کے لئے خطرہ بنے گی۔ لیکن آپ نے ان باتوں کو نہیں مانا۔ اور ہم لوگوں کو زبردستی اس بات کے لئے مجبور کر دیا کہ مسئلہ کشمیر کے مختلف حلوں پر بحث و مباحثہ کریں۔ اس بارے میں آپ ہی کے یہ الفاظ تھے کہ "ہم کو عجیب و غریب تجاویز پر بھی غور کرنا چاہیئے"

جس روئداد کا آپ نے ذکر کیا ہے وہ نیشنل کانفرنس کی ورکنگ کمیٹی کی سرکاری روئداد کی رپورٹ میں شامل نہیں تھی ان تمام "عجیب و غریب تجاویز" کے بارے میں جو نوٹ میں نے بحیثیت ممبر ورکنگ کمیٹی اور اس کی آٹھ آدمیوں کی سب کمیٹی نے بھیجا تھا۔ اس سے ہمارے خیالات کا فرق ظاہر ہوتا ہے اس وقت ورکنگ کمیٹی کے اختلافات سنگین صورت اختیار کر گئے اور آپ نے و بیگ صاحب نے ان کے متعلق علی الاعلان کہنا شروع کر دیا تھا۔ ادم پورہ کے ایک عام جلسہ میں جس میں کافی لوگ شریک ہوئے تھے میں نے وادی کشمیر کی آزادی کے خلاف تقریر کی تھی۔ بخشی صاحب نے بھی اپنے سابق نظریہ کو دہراتے ہوئے گلگام میں اس قسم کی تقریر کی تھی۔ اس دوران تمام نیشنل کانفرنس اور لوگوں میں ان اختلافات کا چرچا ہونے لگا اور ان میں پریشانی اور نا امیدی کی لہر دوڑ گئی

اس وقت نیشنل کانفرنس کے مختلف عہدوں کے لئے جو چناؤ ہو رہے تھے۔ ان میں بھی یہ اختلافات ظاہر ہو رہے تھے۔ آپ کو یہ یاد ہوگا۔ کہ سرینگر کی کچھ مقامی کمیٹیوں کے لئے آپ کے نامزد اشخاص چناؤ میں بری طرح ہار گئے تھے۔ آپ کے محبوب خیال یعنی آزادی پر کھلے عام تنقید کرنے اور اس کو برا کہنے کی وجہ سے مجھ پر آپ کا سخت عتاب ہوا تھا اور آپ کی مخالفت کے باوجود ڈسٹرکٹ نیشنل کانفرنس سرینگر کے سیکرٹریوں ڈیلی گیٹوں نے مجھے نیشنل کانفرنس کے سالانہ اجلاس کی استقبالیہ کمیٹی کا چیرمین منتخب کر لیا تھا آپ نے اس بات کی دھمکی دی تھی کہ ڈسٹرکٹ کانفرنس کے اس فیصلہ کو میں عدم اعتماد کا ووٹ تصور کروں گا اور اس بات پر زور دیا تھا۔ کہ اس فیصلہ کو منسوخ کر دیا جائے مگر تقریباً تمام ڈیلی گیٹوں نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا۔ اس طرح آپ پر یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ نیشنل کانفرنس کی بنیادی پالیسیوں سے ہٹ جانے کی وجہ سے نیشنل کانفرنس کے کارکنوں کی اکثریت آپ کی اس پالیسی کے خلاف ہوتی جا رہی تھی۔ اسی طرح دوسرے مقامات خصوصاً اننت ناگ میں ضلع تنظیم کی اکثریت نے بیگ صاحب جو آپ کے تبدیل شدہ خیالات کے نقیب تھے کے نظریات کو ماننے سے انکار کر دیا تھا آپ نے جیسے ہی یہ محسوس کیا کہ نیشنل کانفرنس کے فیصلے آپ کے خلاف ہوں گے تو آپ نے فوراً ہی بحیثیت صدر نیشنل کانفرنس نہایت آمرانہ طریقہ سے انتخابات کو ملتوی کر دیا اس طرح جب آپ نے اس سیاسی جماعت جس کے آپ صدر تھے۔ کے فیصلہ سے اپنے آپ کو بچا لیا۔ تو پھر آپ نے آئین ساز اسمبلی کو بدنام کرنا شروع کر دیا کیونکہ آپ پر یہ بات بھی صاف طور سے عیاں ہو چکی تھی۔ کہ آپ اپنی ترمیم شدہ پالیسیوں کی حمایت اس ایوان میں حاصل نہیں کر سکیں گے۔ آپ کے اگست ۱۹۵۳ء کے پہلے ہفتہ کے عام بیانات جن میں آپ نے آئین ساز اسمبلی کا مضحکہ اڑایا تھا اس بات کا کھلا ہوا ثبوت ہیں۔



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

جب آپ اپنے کو ان دو جمہوری جگہوں سے آزاد کرا چکے جن میں آپ اپنی نئی پالیسیوں کی مقبولیت یا غیر مقبولیت جانچ سکتے تھے تب آپ نے بحیثیت وزیر اعظم حکومت کے اقتدار و اختیارات سے کام لے کر ریاست میں عام دیوانگی۔ ابتری اور افراتفری پھیلانے کی کوشش کی۔ اس سکیم کے ماتحت آپ نے کابینہ کے ان ممبران کو ایک ایک کر کے نکالنا شروع کر دیا۔ جن کے خیالات آپ کے مقاصد پورا ہونے میں سدِ راہ ہو رہے تھے۔ آپ نے اپنے پہلے خط میں اس بات کو خود مان لیا ہے کہ پنڈت شام لال صراف آپ کی نئی پالیسی کے آخری نہیں بلکہ پہلے شکار تھے

آپ خود بتائیے کہ جمہوری طریقوں کے عام اصول کو کس نے توڑا۔ آپ نے یا ہم نے؟ آپ اپنی ترمیم شدہ پالیسی کی تائید یا تو نیشنل کانفرنس یا اسمبلی پارٹی ہی میں حاصل کر سکتے تھے اس بات کو سمجھنے کے بعد کہ آپ کو وہاں پوری مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا آپ نے دونوں کو نظر انداز کرنا شروع کر دیا۔ نیشنل کانفرنس اور قانون ساز اسمبلی نے جو فیصلے بعد میں کئے۔ ان سے اس بات کا پورا ثبوت ملتا ہے کہ کس طرح آپ کو مخالفت کا سامنا کرنا پڑتا۔ اسمبلی کے ۷۵ ممبروں میں سے ۶۵ ممبروں نے موافقت میں ووٹ دیئے چار ممبر غیر حاضر تھے اور چھ نظر بند تھے۔ تشدد اور دباؤ کے متعلق چاہے جتنے بھی بڑے بڑے الزامات لگائے جائیں پھر بھی کسی شخص کیلئے یہ ناممکن ہے کہ وہ پچھتر میں سے ۶۵ ممبروں کو زبردستی اس بات کے لئے مجبور کر دے کہ وہ اپنی رائے کے خلاف ووٹ دیں۔ یہاں تک کہ مسٹر ہمدانی اور مسٹر گونی نے بھی جنہوں نے اُسی وقت حکومت کی موافقت میں ووٹ دیا تھا اور جو بعد میں مخالف پارٹی میں شریک ہو گئے تھے یہ کبھی نہیں کہا کہ ان کو حکومت کی موافقت میں ووٹ دینے کے لئے مجبور کیا گیا تھا۔

یہاں میں آپ کی اس شکایت کے متعلق لکھنا چاہتا ہوں کہ جس میں آپ نے تحریر کیا ہے کہ میں بحیثیت سپیکر قانون ساز اسمبلی۔ آپ کی درخواست کے باوجود اسمبلی میں آپ کی موجودگی حاصل نہ کر سکا۔ اس وقت میں نے آپ کو لکھا تھا کہ بحیثیت سپیکر میرے اختیارات جو آپ کے زمانہ حکومت میں تھے اب بھی اُن سے نہ کم ہوئے ہیں اور نہ زیادہ جو لیجسلیچر کے قاعدے و قانون بس انہیں کے مطابق مجھے اپنا فرض ادا کرنا پڑتا ہے اور جو قانون کے تحت مجھے اختیارات دیئے گئے ہیں ان کے علاوہ میں بذاتِ خود اختیارات حاصل نہیں کر سکتا۔ سپیکر حکومت سے برتر نہیں ہو سکتا اور نہ وہ انتظامیہ کو حکم جاری کر سکتا ہے اگر انتظامیہ یہ اطمینان کر لے کہ کسی شخص کا آزاد رہنا چاہے وہ قانون ساز اسمبلی کا ممبر ہی کیوں نہ ہو ریاست کے تحفظ کے مفاد کے خلاف ہے اور اگر اس کی نظر بندی ملک کے قانون کے تحت لائی گئی ہے تو ایسی صورت میں سپیکر کا کام یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ حکام کے ایسے فیصلے کو منسوخ کر دے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ اس موقع پر بھی میں نے آپ کو یہی لکھا تھا۔

آپ نے مجھ پر تو یہ الزام لگایا ہے کہ میں نے آپ کے اقتباسات غلط طریقہ پر پیش کئے ہیں۔ مگر آپ نے خود میرے نوٹ کے ایک پیراگراف کو غلط نقل کیا ہے اس نوٹ میں میں نے یہ لکھا تھا۔ کہ مسئلہ کشمیر کا ایک جمہوری حل یہ ہے کہ پوری ریاست میں رائے شماری کرائی جائے یہ کہنے کے بعد میں نے فوراً ہی رائے شماری کے ناممکن العمل ہونے کی وجوہات بیان کی تھیں یہ بالکل حقیقت ہے کہ سکیورٹی کونسل میں جانے کے برسوں بعد تک معاملہ اسی طرح کھٹکا ہے۔ رائے شماری کو بحیثیت ایک حل کے چھوڑ کر جو کہ ممکنات کی حد سے باہر تھا۔ میں نے کہا تھا کہ

موجودہ حالات میں مسئلہ کا صرف ایک حل ہے اور وہ یہ کہ ہندوستان کے ساتھ ریاست کے الحاق کو محدود بنیادوں پر مکمل کر دیا جائے جیسا کہ ہندوستان کے عوام اور ریاست جموں و

CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

کشمیر کے عوام کے درمیان طے ہو چکا ہے جن
کی نمائندگی ایک طرف پارلیمنٹ ہند اور
دوسری طرف ریاستی آئین ساز اسمبلی کر
رہی تھی"

آئین ساز اسمبلی کے انعقاد کے بعد سے کئی خطرناک قسم کی بین الاقوامی تبدیلیاں ہو چکی ہیں ان میں سب سے اہم پاکستان کو امریکہ کی فوجی امداد کا وہ وعدہ تھا۔ جو بعد میں پورا کر دیا گیا۔ اس چیز نے نہ صرف فوجی صورت حال بلکہ سیاسی حالت بھی بدل دی۔ پاکستان کو مسلسل فوجی امداد ملنے اور پاکستان کے سیٹو اور بغداد پیکٹ میں شریک ہو جانے سے صورت حال بتدریج خراب ہو گئی ہے اس نئے واقعہ نے پورے مسئلہ کشمیر کی معنویت تبدیل کر دی ہے

اندرونی طور سے ریاستی حکومت عوام میں ترقیاتی جذبہ کو ابھارنے میں کامیاب ہو گئی ہے اور ریاست کے تمام لوگوں نے بھوائے اس علاقہ کے لوگوں کو چھوڑ کر جس پر پاکستان نے زبردستی قبضہ کر رکھا ہے زبردست ترقی کی ہے اور جتنی خوشحالی اب ان کو محسوس ہوتی ہے اس سے پہلے کبھی نہیں ہوئی تھی۔ کشمیر پر پاکستانی حملے کو نو 9 سال ہو چکے ہیں اور اب ریاست کے لوگ سکون و اطمینان محسوس کرتے ہیں اور ہندوستان کے ایک حصہ کی حیثیت سے ترقی کی طرف بڑھنا چاہتے ہیں۔

بعد کے واقعات نے میرے اس خیال کو قطعی صحیح ثابت کر دیا ہے کہ رائے شماری کو بحیثیت ایک ممکن العمل حل کے ہٹا دیا جائے ان دنوں آپ نے اس بات کی طرف اشارہ کیا تھا کہ آپ کو اس بات کا پورا یقین نہیں ہے کہ اگر آئین ساز اسمبلی ہندوستان کے ساتھ الحاق کی توثیق کر دے تو ہندوستان بھی اس کو منظور کرے گا۔ بعد میں جو اہم اور دور رس واقعات رونما ہوئے۔ ان کی ناقابلِ تردید منطق نے استصواب رائے کے ناممکن العمل ہونے پر مہر ثبت کر دی ہے اس حقیقت کو حکومت ہند نے ۲۹ مارچ ۱۹۵۶ء

کو لوک سبھا میں وزیر اعظم کے بیان کے ذریعہ تسلیم کر لیا ہے۔

میں اس بات کا اعتراف کرتا ہوں کہ ہم پر اب تک یہ بات صاف ظاہر نہیں ہو سکی کہ آج آپ کا کیا نظریہ ہے جن پارٹیوں کا آپ نے ذکر کیا ہے۔ کہ وہ آپ کی حمایت کرتی ہیں یعنی محاذ رائے شماری و پولیٹیکل کانفرنس تو وہ بہت ہی چھوٹی اور غیر متفق اقلیت گروپ کے لوگوں کی جماعتیں ہیں اور ان کی سیاست عجیب و غریب ہے۔ محاذ رائے شماری صرف استصواب کے لئے کہتا ہے مگر اس نے یہ بتانے سے انکار کر دیا ہے کہ الحاق کے مسئلہ پر وہ لوگوں کو کیا رائے دے گا۔ پولیٹیکل کانفرنس ہمارے الحاق کو ہندوستان کے ساتھ منسوخ کر کے ریاست کو پاکستان کا حصہ بنانا چاہتی ہے ان دونوں جماعتوں کی پالیسیاں لوگوں کو اپنا ہمنوا نہیں بنا سکیں اور ریاست کے عوام کی رائے کے سامنے ان گروپوں کا بحیثیت سیاسی جماعتوں کے قائم رہنا بہت ہی مشکل ہے ہمارے عوام ان تخریبی ذہنیتوں سے عاجز آ چکے ہیں اور ہندوستان کا ایک حصہ ہو کر سکون۔ اطمینان اور استحکامیت کی زندگی گذارنا چاہتے ہیں۔

آپ نے چند اخبارات کے اقتباسات نقل کئے ہیں جن میں جموں اور سرینگر کے شہری انتخابات میں دخل اندازی کا الزام لگایا ہے میں رائے عامہ کے ان ذمہ دار اخبارات کے اقتباسات یہاں نقل نہیں کرنا چاہتا جنہوں نے موجودہ حکومت اور اس کی پالیسیوں کی تعریف کی ہے۔ اخبارات کے ذریعہ اور لیجسلیچر کے اندر اور باہر حکومت کے خلاف اس طرح باتیں کہنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ موجودہ حالات اگست ۱۹۵۳ء سے پہلے کے حالات سے بالکل مختلف ہیں۔ ۱۱ ستمبر ۱۹۵۶ء کے خط میں میں نے فرد کی آزادی سے متعلق ان تبدیلیوں کو کچھ تفصیل سے بیان کیا ہے۔ جن کی دستور اور قانون کے ذریعہ گارنٹی دی گئی ہے اگست ۱۹۵۳ء سے قبل کے حالات کو سامنے رکھ کر جو بھی



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

اُن کو پڑھے گا وہ موجودہ بہتری سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ میں اس بات پر مزید کچھ نہیں لکھنا چاہتا کیونکہ حقائق خود ہی بدظنی اور تعصب پر غالب آجاتے ہیں۔

آپ نے اپنے خط میں کچھ ایسی باتیں تحریر کی ہیں جن کا تعلق براہ راست حکومت سے ہے یہ معاملات صلد آئین ساز اسمبلی کے اختیارات کی حد میں نہیں آتے اس لئے میں نے ان کو حکومت کے پاس بھیج دیا ہے اور وہ جو مناسب سمجھے گی اس پر قدم اُٹھائے گی۔

مخلص

جی۔ ایم۔ صادق

# پانچواں خط

## شیخ محمد عبداللہ بنام خواجہ غلام محمد صادق

سب جیل۔ کُد

۲۸؍اکتوبر ۱۹۵۶ء

جناب من۔ تسلیم

مجھے آپ کی چٹھی مورخہ ۲۲؍اکتوبر موصول ہوئی جو آپ نے میری ۲۶؍ستمبر ۱۹۵۶ء والی چٹھی کے جواب میں لکھی ہے۔ یہ چٹھی مجھے ۲۵؍اکتوبر ۱۹۵۶ء کی شام کو پانچ بجے سپرنٹنڈنٹ سب جیل کے ذریعہ ملی۔

یہ بات حیران کن ہے کہ میرے تار مورخہ ۱۹؍اکتوبر جس میں میں نے آپ سے استدعا کی کہ خط و کتابت کو ایوان کے سامنے رکھا جائے۔ کے بعد بھی آپ خط و کتابت جاری رکھنے پر مصر ہیں، میں نے قطعی طور پر اپنے سابقہ خط میں یہ اطلاع دی تھی کہ اس قسم کے امور آپ سے یا آپ کی سطح پر کسی دوسرے سے زیر بحث لانے سے کوئی مفید مطلب نہیں نکلے گا لیکن خط و کتابت جاری رکھ کر آپ شاید دانستہ یہ کوشش کر رہے ہیں کہ معاملات میں الجھاؤ پیدا ہو جائے

تاہم میں نے آپ کی چٹھی پورے غور کے ساتھ پڑھی۔ میں جتنا پڑھتا گیا اتنا ہی مجھے یہ یقین ہوتا گیا کہ آپ کے نزدیک حق و صداقت کا لحاظ رکھنا اور واقعات کا صحیح شکل میں اظہار کرنا کوئی قدر و قیمت نہیں رکھتا۔ آپ چونکہ معاملات پر پہلے سے ہی یک طرفہ اور متعصبانہ نظریہ رکھتے ہیں اس لئے آپ سے ان پر خط و کتابت کو طول دینے سے کوئی مقصد پورا نہیں ہوگا۔ لیکن چونکہ آپ کی اس چٹھی میں واضح طور پر بعض حقائق سے روگردانی کی گئی ہے اس لئے میں مجبور ہوں کہ ان کی وضاحت کروں۔

آپ نے آئین ساز اسمبلی کی مختار مطلق حیثیت کا حوالہ دیا ہے اور کہا ہے کہ "اگست ۱۹۵۳ء سے پہلے اور اس کے بعد خواہ کچھ بھی ہوا ہو ریاستی عوام کے لئے ایک آئین بنانے میں آئین ساز اسمبلی کے اختیار میں کوئی فرق نہیں آیا"۔ آپ نے مزید کہا ہے کہ "آئین ساز اسمبلی کے فرائض اور اختیارات کو گورنمنٹ یا لیجسلیچر کے ساتھ خلط ملط کرنا نہیں چاہیئے"۔

آپ نے یہ کہہ کر آسانی سے اس حقیقت کو فراموش کیا ہے کہ ریاست جموں و کشمیر کے اندر آئین ساز اسمبلی لیجسلیچر کی حیثیت میں بھی کام کرتی ہے اور اسی وجہ سے آئین ساز اسمبلی کے ممبران حکومت کی کوتاہیوں اور غلطیوں کی ذمہ داریوں سے بچ نہیں سکتے۔ تاہم مجھے اس بات کی خوشی ہے کہ آپ نے مسودہ آئین پر غور و خوض کے لئے آئین ساز اسمبلی کی کارروائیوں میں ہر خیال کے ممبروں کو شامل ہونے کا



CC-0. Nanaji Deshmukh Library, BJP, Jammu. Digitized by eGangotri

موقعہ دینے کی اہمیت کا اعتراف کرلیا ہے۔ لیکن میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ کیا آپ نے اِس پر عمل بھی کیا۔ ۹ ر اگست ۱۹۵۳ء سے آپ نے کئی بار آئین ساز اسمبلی کے اجلاس بلائے اور بہت اہم فیصلے کئے۔ لیکن آپ نے اِس بات کی کبھی پرواہ نہ کی کہ اسمبلی کے کئی اہم سرکردہ ارکان جو نظر بند ہیں ایوان میں ان کی موجودگی کے انتظامات کئے جائیں۔

میں نے ۲۶ ستمبر ۱۹۵۶ء والی چٹھی میں آپ کو بتایا تھا کہ

